پاکستان میں مخطوطات کی فہرستیں

(کتابیات)

جلدِ اوّل

عارف نوشاہی

مقتدرہ قومی زبان ○ اسلام آباد

پاکستان میں مخطوطات کی فہرستیں

(کتابیات)

سلسلۂ مطبوعات :

مقتدرہ : ۱۷۲

O

طبع اول : اکتوبر ۱۹۸۸ء

تعداد : ایک ہزار

فنی تدوین : عطش درانی

: شاد منز پرنٹرز

طابع : بوساطت المعارف گنج بخش روڈ ، لاہور

ناشر : ڈاکٹر جمیل جالبی
(صدر نشین)

مقتدرہ قومی زبان ، ۱۶ - ڈی (عربی)
بلیو ایریا ، ایف - ۱/٦ ، اسلام آباد -

پاکستان میں مخطوطات کی فہرستیں

(کتابیات)

جلد اوّل

عارف نوشاہی

مقتدرہ قومی زبان ○ اسلام آباد

۱۹۸۸ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

پیش لفظ

پاکستان میں اردو اور دیگر زبانوں کی مخطوطات کی فہرستیں ایک عرصے سے شائع ہو رہی ہیں جو افراد اور اداروں نے وقتاً فوقتاً مرتب کی ہیں لیکن ابھی تک ان کی کوئی ایک جامع فہرست موجود نہیں تھی ، جس میں جملہ فہرستوں کے بارے میں یک جا طور پر تمام معلومات میسر آ سکیں ۔ زیر نظر فہرست کے مولف نے اردو ، عربی ، فارسی ، انگریزی پنجابی ، سندھی اور دیگر علاقائی زبانوں کے مخطوطات کی فہرستوں کی وضاحتی کتابیات تیار کی ہے جس کا دائرہ اطلاعات مندرجہ ذیل ہے :

۱ - پاکستانی مخطوطات (بشمول مشرقی پاکستان) کے بارے میں پاکستان میں طبع ہونے والی فہارس ۔

۲ - بیرون پاکستان مخطوطات کے بارے میں پاکستان سے شائع ہونے والی فہارس ۔

۳ - قیام پاکستان سے قبل کے کتب خانوں کی وہ فہرستیں جو پاکستان میں طبع ہوئیں ۔

۴ - پاکستانی مخطوطات کے بارے میں بیرون ممالک شائع ہونے والی فہارس ۔

ایسی کتابیں بھی جن میں ضمنی طور پر مخطوطات کا تذکرہ ہوا ہے ، مولف نے اس کتابیات میں شامل کی ہیں ۔ رسائل میں شائع شدہ فہارس مخطوطات میں صرف اہم کتاب خانوں کے بارے میں معلومات درج ہیں ۔ امید ہے کہ اہل تحقیق کے لیے یہ کتابیات ایک اہم وسیلہ ثابت ہو گی ۔

ڈاکٹر جمیل جالبی

مقدمہ

کتابیات کی افادیت

میرے خیال میں اس تسلیم شدہ حقیقت پر مزید کسی بحث کی ضرورت نہیں ہے کہ فہرست (Catalogue) یا کتابیات (Bibliography) کو موجودہ دور میں تحقیقی کاموں کے سلسلے میں کلید کی حیثیت حاصل ہو چکی ہے۔

ہمارے ہاں مخطوطات کے بارے میں جو رویہ پایا جاتا ہے وہ افراط و تفریط کا نمونہ ہے۔ ایک طبقہ قلمی کتابوں کو متبرک سمجھ کر نہ خود انہیں چھوتا ہے نہ دوسروں کو چھونے دیتا ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے باپ دادا نے کتابیں لکھی تھیں اور ان اخلاف کے حصے میں یہی کتابیں آئیں لیکن باپ دادا کا علم نہیں آ پایا۔ دوسرا طبقہ ان پرانی کتابوں میں کیڑے رینگتے دیکھ کر اور گرد و غبار کی تہہ جمی دیکھ کر ناک پر رومال رکھ لیتا ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے باپ دادا نے کتابیں نہیں لکھیں اور حال ہی میں ان اخلاف نے صرف علم حاصل کیا ہے۔

یہ دونوں رویے ایک دوسرے کی ضد ہیں مگر ان کا نقطۂ اشتراک ایک ہی ہے، یعنی مخطوطات سے بے اعتنائی - ان قطبین کے درمیان پائے جانے والے وہ لوگ جو قلمی نسخوں کے ہر ورق کو برگ طلا کی طرح عزیز رکھتے ہیں اور دوسروں کو بھی اُن سے مستفید ہونے کا موقع فراہم کرتے ہیں، ہمارے ملک میں خود کسی نادر مخطوطے کی طرح کمیاب ہیں - اسی بے توجہی کا نتیجہ ہے کہ ابھی تک یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ پاکستان میں مخطوطات کس کس مقام پر موجود ہیں اور جہاں معلوم ہے کہ مخطوطات موجود ہیں وہاں کی کوئی فہرست تیار نہیں ہوئی۔

پہلے یہ سب کچھ پتہ چلے تو یہ طے ہو کہ ہماری تہذیب گذشتہ کا ''بار'' کیا تھا اور ''اولیات'' کے جو اعزازات آج ہم نے اپنے سینے پر سجا رکھے ہیں اس کا نقطۂ آغاز کچھ صدیاں اوپر ہے -

پاکستان میں فہرست نویسی کی روایت

لاہور شہر علم و تہذیب ہے ، پاکستان میں مخطوطہ شناسی اور فہرست نویسی کا مرکز بھی یہی شہر ہے - عہد حاضر میں تحقیق و تدقیق کے دبستان لاہور کی نامور شخصیت حافظ محمود خان شیرانی چونکہ پاکستان بننے سے ایک سال قبل ۱۹۴۶ء میں ہی وفات پا گئے تھے لہذا پاکستان میں کتاب شناسی کے سلسلے میں ان کی خدمات پر تبصرہ خارج از بحث ہے[1] - البتہ ان کے تربیت یافتہ شاگردوں میں ڈاکٹر سید عبداللہ (م ۱۹۸۶ء) نے اوریئنٹل کالج میگزین میں فہرست نویسی کا آغاز کیا[2] - مگر یہ بات بھی قیام پاکستان سے پہلے کی ہے - ان کی تیار کی ہوئی فہرست کی پہلی جلد کتابی صورت میں پنجاب یونیورسٹی سے ۱۹۴۲ء میں شائع ہوئی اور دوسری ۱۹۴۸ء میں شائع ہوئی[3] - یہ سید صاحب کی طالب علمی اور لائبریری کے ملازمت زمانے کے کام ہیں - بعد میں بھی انہوں نے اس کام کو جاری رکھا لیکن اردو اور فارسی ادب کی تحقیق میں زیادہ شہرت پائی -

تحقیق میں مکتب لاہور کے دوسرے استاد پروفیسر مولوی محمد شفیع (م ۱۹۶۳ء) کا ذوق کتب اندوزی اور معیار کتب نویسی اس دبستان کی آبرو ہے - مخطوطہ شناسی پر ان کے مقالات اس پایے کے ہیں کہ ان سے اس فن میں بہت کچھ سیکھا جا سکتا ہے[4] -

پنجاب یونیورسٹی سے وابستہ یہ تینوں بزرگ قدیم تہذیب و روایت کے نمائندے تھے لیکن ان کی تحقیقات آنے والے دور میں بھی تر و تازہ رہیں گی -

اس کے بعد پنجاب یونیورسٹی نے دو اور فہرست نویس متعارف کرائے - ایک ڈاکٹر محمد بشیر حسین اور دوسرے قاضی عبدالنبی کوکب - ڈاکٹر صاحب کو کتابیات سے گہرا شغف تھا اور اپنے اس شوق کا اظہار

انھوں نے ''فہرست مخطوطات شیرانی'' چھاپ کر کیا[۵] - اس فہرست کے اختصار اور بعض اغلاط سے مصنف کی کتاب شناسی کے بارے میں جو شبہات پیدا ہو چلے تھے[۶] وہ انھوں نے فوراً ہی ''فہرست مخطوطات شفیع'' جانفشانی سے تیار کر کے دور کر دیے[۷]۔

قاضی کوکب شغل کے اعتبار سے کتاب دار تھے - کتابوں کے درمیان گھرے رہنے اور اہل کتاب کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے سے ان میں کتاب شناسی کا ذوق بیدار ہو جانا ایک طبعی امر تھا - یہ ذوق ایک جوہر قابل بن کر ''پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے نادر عربی مخطوطات کی فہرست مفصل'' کے روپ میں ظاہر ہوا[۸]۔

ان دونوں حضرات سے یہ توقع تھی کہ وہ اپنی ذاتی محنت اور شفیع و شیرانی سے اخذ شدہ بصیرت کی آمیزش سے فہرست نویسی کی ایک ایسی روایت قائم کر دیں گے جو تحقیق کے ساتھ ساتھ فہرست نویسی میں بھی لاہور کو نمونے کا مکتب بنا دے گی - مگر ''ما در چہ خیالیم و فلک درچہ خیال'' ، ۱۹۷۸ء میں قاضی کوکب اورینٹل کالج ، شعبۂ عربی سے منسلک ہونے سے ایک دو روز قبل ٹریفک کے ایک حادثے میں آناً فاناً ہم سے جدا ہو گئے اور ڈاکٹر بشیر حسین کو بھی خون کے سرطان نے ہم سے چھین لیا - ۱۹۸۳ء میں عین اس زمانے میں ان کی کتاب زندگی بند ہو گئی جب وہ ذخیرۂ شیرانی کے اردو مخطوطات پر کام کر رہے تھے - پنجاب یونیورسٹی میں ابھی تک ان دونوں مرحومین کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا پر نہیں ہو سکا۔

پچھلے عشرے میں دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری لاہور کے نو بنیاد ''مرکز تحقیق'' نے فہرست نویسی کا کام شروع کیا - اب تک اس مرکز نے اپنے ہاں مخطوطات کی فہرست کی چار جلدیں شائع کی ہیں[۹] - اس مرکز سے وابستہ فہرست نگار حضرات بنیادی طور پر عالم دین ہیں اور ان کی مرتبہ فہرستوں پر بھی یہی چھاپ موجود ہے - ضرورت اس امر کی ہے کہ یہاں فہرست نویسی کو اصول کتاب شناسی کے قریب لایا جائے[۱۰] -

لاہور کے بعد کراچی میں بھی فہرست نویسی کا قابل ذکر کام ہوا ہے - وہاں انجمن ترقی اردو دیگر تمام اداروں سے پیش کام ہے اور اب تک یہ ادارہ اپنے مخطوطات کی فہرست کی سات جلدیں شائع کر چکا ہے[۱۱] - اگرچہ انجمن کے فہرست نگاروں کا نام بڑا نہیں ہے مگر ان کا کام ضرور بڑا ہے کیونکہ یہ مستقل مزاجی اور خلوص نیت کے ساتھ ہوا ہے - اب یہ لوگ بھی اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں[۱۲] -

کراچی کے قومی عجائب گھر میں مخطوطات کا جس قدر بڑا ذخیرہ ہے اسی قدر اس ادارے نے اپنے مخطوطات کی فہرستیں شائع کرنے کا کم اہتمام کیا ہے - میوزیم کو اول نیاز فتح پوری (مرحوم) اور پھر ایک تجربہ کار کتاب شناس محمد اشرف (فہرست نگار سالار جنگ میوزیم حیدر آباد دکن) کی خدمات حاصل تھیں - محمد اشرف نے نہایت محنت سے عجائب گھر کے فارسی مخطوطات کی کئی جلدوں میں فہرست تیار کی مگر اس میں سے صرف دو جلدیں شائع ہوئیں[۱۳] - یہ کام ستر کے عشرے میں ہوا تھا - ۱۹۷۳ء میں فہرست نگار موصوف وفات پا کر مٹی کے نیچے چلے گئے تو ان کا کیا ہوا کام بھی میوزیم کی فائلوں میں دب گیا -

کراچی میں فہرست نویسی کا ایک اور کام جو فرد واحد نے انجام دیا ، مشفق خواجہ کا ''جائزہ مخطوطات اردو'' ہے[۱۴] - جسے ہم تحقیق ، تنقید اور کتاب شناسی کا امتزاج قرار دے سکتے ہیں - یہ کراچی کے مختلف کتب خانوں کے مخطوطات کے حوالے سے اردو قلمی کتابوں کی ایک مشترک فہرست (Union Catalogue) ہے جس میں خاص طور پر مصنفین یا تصانیف کے بارے میں دستیاب ماخذ کی نشاندہی کر دی گئی ہے - اس فہرست کا وسیع دائرۂ کار اور فاضل مصنف کا تشریحی انداز بیان اس بات کا باعث ہوا ہے کہ اس فہرست کی پہلی جلد کی اشاعت (۱۹۷۹ء) کے بعد ابھی تک اگلی جلد منظر عام پر نہیں آئی -

فہرست نویسی میں لاہور اور کراچی کے بعد حیرت انگیز طور پر اسلام آباد کا نام آتا ہے - ۱۹۷۱ء میں یہاں قائم ہونے والے ایک ایرانی ادارے ''مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان'' نے جس مستحکم

منصوبہ بندی کے ساتھ مخطوطات جمع کرنے اور انھیں متعارف کرنے کا اہتمام کیا ہے اس کا مقابلہ پاکستان میں کوئی دوسرا علمی ادارہ نہیں کر سکتا۔ اس وقت یہاں ۱۳۹۴۸ مخطوطات جمع ہیں اور اب تک اس انسٹی ٹیوٹ کی طرف سے فہارس مخطوطات کی انیس جلدیں شائع ہو چکی ہیں[15]۔ اس ادارے نے اپنے قیام کے ساتھ ہی پاکستان کی تمام زبانوں کے مخطوطات کی فہرست نویسی کا کام شروع کر دیا تھا[16]۔ ۱۹۷۸ء کے بعد یہ کام صرف فارسی مخطوطات کی فہرست سازی تک محدود ہوگیا۔ پاکستان میں موجود فارسی کتابوں کے قلمی نسخوں کے یونین کیٹلاگ کی اب تک سات جلدیں چھپ چکی ہیں[17] اور مزید کئی جلدیں چھپنے کے لیے تیار ہیں۔

اس مرکز کو ایرانی کتابشناسوں کی خدمات حاصل ہیں۔ اس کے پہلے کتابدار محمد حسین تسبیحی نے پاکستان کے کونے کونے میں جا کر نجی اور سرکاری کتب خانوں کے مخطوطات دیکھے اور ان کا حال اپنی کتاب ''کتابخانہ ہای پاکستان'' میں لکھا[18]۔ گو یہ مخطوطات کی کوئی باقاعدہ فہرست نہیں ہے، دوسرے مصنف کے لیے سفر کے عالم میں اتنی فرصت ہی نہیں تھی کہ وہ ہر مخطوطے کو غور سے دیکھ سکتے۔ مگر یہ کتاب اس حوالے سے معلوماتی اور مفید ہے کہ اس میں پاکستان میں مخطوطات کے متعدد مآخذ کی نشان دہی ہوگئی ہے۔ اسی مصنف نے اپنے ادارے میں موجود دو ہزار مخطوطات کی فہرست بھی تیار کی جن میں سے ایک ہزار مخطوطات کی فہرست تین جلدوں میں شائع ہو چکی ہے[19]۔ مصنف کا فہرست نویسی میں یہ اصول رہا ہے کہ مخطوطے کے داخلی شواہد پر بھروسا کیا جائے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ کاتبوں اور نساخوں کی غلطیاں بھی مسلمات بن کر فہرست میں داخل ہوگئی ہیں۔ اطناب اور اعادۂ مطالب مزید کھٹکتا ہے۔

مرکز تحقیقات فارسی سے وابستہ ایک دوسرے ایرانی کتاب شناس احمد منزوی کی خدمات کا ذکر بلکہ اعتراف کرنا ضروری ہے۔ پہلے انھوں نے اپنے ادارے میں فارسی مخطوطات کی چار جلدوں پر مشتمل موضوعی فہرست پیش کی[20] اس کے بعد بزرگ سالی کے باوجود ایک ایسے

بھاری پتھر کو اٹھایا جسے جواں سال فہرست نگار محض چوم کر رکھ دیں - یہ پاکستان بھر میں بکھرے ہوئے فارسی مخطوطات کی یکجا فہرست ہے[۲۱]- شائع شدہ سات جلدوں میں سے پہلی تین جلدوں میں ۱۳۹۳۹ مخطوطات متعارف ہو چکے ہیں اور ابھی یہ سلسلہ جاری ہے - میری ذاتی رائے ہے کہ استاد احمد منزوی کی پاکستان کے لیے اس بے لوث خدمت کا مقابلہ براکلمان کی عربوں کے لیے اور اسٹوری کی ایرانیوں کے لیے خدمات سے کیا جا سکتا ہے - زیر بحث فہرست تحقیق کے ایسے وسائل اور سہولتوں سے مرتب کی گئی ہے کہ اپنے حجم کے اعتبار سے اس میں غلطیوں کا تناسب بہت کم ہے[۲۲] - مقامی زبانوں، ناموں اور اصطلاحوں سے مصنف کی عدم واقفیت البتہ کہیں کہیں حائل ہوئی ہے - ورنہ اصول کتاب شناسی کے اعتبار سے یہ ایک متوازن فہرست ہے -

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم کس نوعیت کی فہرست کو ''متوازن'' قرار دیں ؟ ظاہر ہے فہرست نویسی کے مختلف اسالیب ہیں[۲۳] اور ہر اسلوب کی اپنے اپنے مقام پر افادیت اور ضرورت ہے مگر میرے خیال میں متوازن فہرست وہ ہے جس میں کتاب/مخطوطے کے بارے میں اتنا کچھ بتا دیا جائے کہ محل کتاب سے کوئی شخص اگر پانچ ہزار میل دور بیٹھ کر اس فہرست سے استفادہ کر رہا ہے تو اس کے لیے وہ معلومات کافی ہوں -

زیر نظر کتابیات

تحقیقی کاموں میں ''کتابیات'' کے کردار کو ہم ''کلید'' کہہ چکے ہیں - اگر کتابیات کی کتابیات کو ہم ''کلید مادر'' (Mother Key) قرار دیں تو بے جا نہ ہوگا - مغرب میں جہاں تحقیقی کاموں کو سہل سے سہل تر بنانے کے لیے نت نئے اقدامات کیے جاتے ہیں وہاں ایسی کتابیات کی اشاعت اب معمول کی بات ہے[۲۴] - زیادہ دور کیوں جائیں خود ہمارے ہمسایہ ملک ایران میں یہ کام تیس سال پہلے ہو چکا ہے[۲۵] - پاکستان میں بطور خاص مخطوطات کے حوالے سے کوئی فہرست فہارس میری نظر سے نہیں گذری[۲۶] البتہ حوالے کی دیگر کتابوں کی اکا دکا فہرستیں چھپی ہیں[۲۷] - ایسی صورت حال میں ضروری تھا کہ

مخطوطات کی فہرستوں کی ایک کتابیات مرتب کر دی جائے جو کسی معیاری تحقیق کے لیے قلمی کتابوں کے اس عظیم سرمائے سے استفادے کا راستہ ہموار کر دے۔

اس کتابیات میں مخطوطات کی متنوع فہرستیں شامل کی گئی ہیں۔

۱۔ پاکستانی مخطوطات کی پاکستان میں تالیف اور طبع ہونے والی فہرستیں۔

۲۔ دیگر ممالک کے مخطوطات کی پاکستان میں طبع ہونے والی فہرستیں[۲۸]۔

۳۔ پاکستانی مخطوطات کی غیر ممالک میں طبع ہونے والی فہرستیں[۲۹]۔

۴۔ قیام پاکستان (۱۹۴۷ء) سے قبل اُن کتب خانوں کی شائع شدہ فہرستیں جو آزادی کے بعد پاکستان (بشمول سابقہ مشرقی پاکستان) کا حصہ بنے[۳۰]۔

۵۔ ۱۹۴۷ء اور ۱۹۷۱ء کے درمیان مشرقی پاکستان سے شائع ہونے والی فہرستیں[۳۱]۔

۶۔ ایسی کتابیں جن میں ضمنی طور پر مخطوطات کا ذکر ہوا ہے[۳۲]۔

یہ کتابیات میرے اُس مقالے کی مشرح و مکمل شکل ہے جو آٹھ سال پہلے ''کتابشناسی فہرست ہای نسخہ ہائی خطی پاکستان'' کے عنوان سے فارسی زبان میں لکھا گیا تھا اور لاہور اور تہران سے شائع ہوا تھا[۳۳]۔ اُس مقالے میں ۵۳ فہرستوں کا اجمالی تعارف تھا۔ اب یہ تعدادِ ۱۱۲ عنوانات تک پہنچ گئی ہے جب کہ مجلدات کے اعتبار سے یہ تعداد ۱۵۴ ہے۔ ان میں سے ۱۴۶ جلدوں کا میں نے براہ راست مطالعہ کیا اور بقیہ آٹھ کا اندراج ثانوی مآخذ کی مدد سے کیا ہے۔ دونوں صورتوں میں میں نے اپنے منابع کی نشان دہی کر دی ہے تاکہ اصل کتاب تک رسائی آسان ہو۔

ابتدا میں خیال تھا کہ مخطوطات شناسی پر پاکستان میں چھپنے والے

مقالات کو بھی اس کتابیات میں شامل کر لیا جائے مگر میدان عمل میں آنے کے بعد معلوم ہوا کہ یہ سلسلہ بہت وسیع ہے اور الگ کتاب کا متقاضی ہے۔ لہذا اس کتابیات میں اس سے صرف نظر کیا گیا ہے۔ تاہم استثنائی طور پر ہم نے چند ایسے مقالوں کو داخل کرلیا ہے جو بعض اہم کتب خانوں کے مخطوطات سے متعلق ہیں[۳۴]۔

اس کتابیات کی تیاری میں میں نے اسلام آباد اور کراچی کے کتب خانوں سے براہ راست استفادہ کیا ہے۔ لیکن فہرست نویسی کے مرکز لاہور کے کتب خانوں کو نہیں دیکھ سکا مگر مجھے اطمینان ضرور ہے کہ اس کوتاہی کے باوجود یہ ایک جامع کتابیات ہے۔ کیونکہ کراچی میں محترمی مشفق خواجہ کے ذاتی کتب خانے میں پاکستان کی اکثر و بیشتر فہرستیں موجود تھیں اور یہ خواجہ صاحب کی مجھ پر خصوصی کرم فرمائی ہے کہ انھوں نے اپنے اس خزانے کے دروازے میرے لیے کھلے رکھے اور میں نے اپنے حوصلے کے مطابق اس سے فائدہ اٹھایا۔

اسلام آباد
۲۵ اپریل ۱۹۸۷ء

عارف نوشاہی

حواشی

۱ - جو احباب اس موضوع پر تفصیلات کے طالب گار ہوں وہ پروفیسر مظہر محمود شیرانی کا مقالہ "حافظ محمود شیرانی بحیثیت کتاب شناس : تجزیہ اور تاثرات" مشمولہ مجموعہ مقالات "کتاب شناسی" شمارہ ۱ ص ۱۰۵-۱۳۱ ، اسلام آباد ۱۹۸۶ء ملاحظہ فرمائیں -

۲ - "خزائن مخطوطات پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور" کے عنوان سے یہ سلسلہ مقالات مئی ۱۹۲۶ء میں شروع ہوا اور اگست ۱۹۳۶ء تک جاری رہا - ملاحظہ ہو زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۶۴ -

۳ - زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۶۳ -

۴ - مقالات مولوی محمد شفیع مرتبہ احمد ربانی کی چار جلدیں شائع کردہ مجلس ترقی ادب لاہور میں متعدد ایسے مقالات ملاحظہ فرمائے جا سکتے ہیں -

۵ - زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۱۵ -

۶ - اس فہرست کی بعض اغلاط کی نشاندہی محمد اقبال مجددی نے اپنے مقالے "فہرست مخطوطات شیرانی کی ترتیب میں مرتب کی فروگزاشتیں" مطبوعہ معارف اعظم گڑھ بابت جنوری ۱۹۶۹ء میں کی ہے - بعد میں اپنی اسی فہرست کی بنیاد پر ڈاکٹر بشیر حسین نے ایک مقالہ "مخطوطات ذخیرہ شیرانی کا اجمالی جائزہ" اوریئنٹل کالج میگزین لاہور کے شیرانی نمبر جلد ۵۶ شمارہ ۳-۴ میں شائع کرایا - پھر اس کے تسامحات کی نشاندہی راقم الحروف نے کی -ملاحظہ ہو میرا مقالہ : مخطوطات ذخیرۂ شیرانی کا مکرر اجمالی جائزہ ، مطبوعہ اوریئنٹل کالج میگزین لاہور ، جلد ۵۷ شمارہ ۳ ، ۴ اپریل ۱۹۸۲ء -

۷ - زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۱۴ -

۸ - زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۴۷ ۔

۹ ۔ زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۹٦ ۔

۱۰ - اس مرکز کی طرف سے شائع ہونے والی فہرست کی تیسری جلد کا جائزہ راقم السطور نے اپنے ایک مقالہ میں الگ سے لیا ہے۔ ملاحظہ ہو ماہنامہ قومی زبان کراچی ، جولائی ۱۹۸۱ ء ، ص ۲۷-۳۱ ۔

۱۱ - زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۹ ، ۴۴ -

۱۲ - سید سرفراز علی رضوی مرحوم اور افسر صدیقی امروہوی متوفی ۱۹۸۴ء -

۱۳ - زیر نظر کتابیات شمارہ ۴ -

۱۴ - زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۸۰ -

۱۵ - زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۱۸ تا ۲۰ ، ٦۸ ، ۸۱ ، ۸۲ ، ۸۴ ، ۹۰ ، ۹۳ ، ۹۴ -

۱٦ - ۱۹۷۱ ء سے لے کر اب تک یہ ادارہ چار بار نقل مکانی کر چکا ہے۔ اس عمل میں بیشتر فہرستیں ضائع ہو گئی ہیں اور فارسی مخطوطات کی فہرستیں "فہرست مشترک نسخہ ہای خطی فارسی پاکستان" میں داخل کرنے کے بعد تلف کر دی گئی ہیں ۔ تاہم اب بھی یہاں عربی ، اردو ، پنجابی ، پشتو اور سندھی مخطوطات کی کچھ ایسی فہرستیں موجود ہیں جنھیں مرتب کر کے شائع کیا جا سکتا ہے ۔

۱۷ زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۸۲ ۔

۱۸ - زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۲۰ -

۱۹ - زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۱۹ -

۲۰ - زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۸۴ -

۲۱ - زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۸۲ ۔

۲۲ - اس مبسوط فہرست میں بعض فرو گزاشتوں کی اصلاح افغان محقق

نجیب مایل ہروی نے کی ہے۔ ملاحظہ ہو ان کا مقالہ: یادداشتہای برہامش فہرست مشترک پاکستان، مطبوعہ سہ ماہی "دانش"، اسلام آباد، شمارہ ۴، سال ۱۳۶۴ شمسی۔

۲۳۔ کچھ اسالیب کے لیے ملاحظہ ہو زیر نظر کتابیات کا اشاریہ نمبر ۴۔

۲۴۔ بیسٹر مان (Bester man) کی مرتبہ فہرست خاص مشرقی کتابیات کے حوالے سے۔

A World Bibliography of Oriental Bibliographies.

مطبوعہ آکسفورڈ یونیورسٹی، ۱۹۵۷ء طبع ثانی۔

۲۵۔ ایرج افشار کی مرتبہ دو فہرستیں:

۱۔ کتاب شناسی فہرست ہای نسخہ ہای خطی فارسی در کتابخانہ ہای دنیا، شائع کردہ تہران یونیورسٹی، ۱۹۵۸ء۔

۲۔ فہرست نامۂ کتاب شناسی ہای ایران، مطبوعہ۔

۲۶۔ جب میں زیر نظر کتابیات کی تالیف کے سلسلے میں کراچی یونیورسٹی کا کتب خانہ دیکھ رہا تھا تو یونیورسٹی کے شعبۂ کتابداری سے وابستہ محترمہ نسیمہ فاطمہ سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ وہ اردو مخطوطات سے متعلق شائع شدہ فہرستوں اور مقالوں کی ایک کتابیات تیار کر رہی ہیں۔ اس کا ابتدائی مسودہ انہوں نے مجھے دکھایا اور میں نے اس سے بھی استفادہ کیا۔

۲۷۔ اردو میں حوالے کی کتابیں، شائع کردہ قومی کتاب مرکز پاکستان کراچی، ۱۹۶۵ء۔ فہرست کتابیات اسلام مرتبہ سید جمیل احمد رضوی، شائع کردہ مغربی پاکستان اردو اکیڈمی، لاہور ۱۹۸۳ء۔ ایک اور کتاب "پاکستان کے مطبوعہ کیٹلاگ" از سید عابد علی رضوی بھی قابل ذکر ہے۔

۲۸۔ ملاحظہ ہو زیر نظر کتابیات کا اشاریہ نمبر ۳۔

۲۹۔ ملاحظہ ہو زیر نظر کتابیات کا اشاریہ نمبر ۲۔

۳۰۔ زیر نظر کتابیات، شمارہ ۵۱، ۶۴، ۶۶، ۸۶۔

مشرق بنگال میں مرتب ہونے والی ایک اور فہرست "ثلاثہ غسالہ" کا ذکر بھی بے محل نہیں ہے۔ جو ڈھاکہ کے حکیم حبیب الرحمان

(م ۱۹۳۶ء) نے تیار کی ، اس میں بنگال میں تصنیف شدہ عربی ، فارسی اور اردو کتابوں کا تذکرہ ہے ۔ اس فہرست کا مسودہ ڈھاکہ یونیورسٹی کے کتب خانے میں موجود ہے اور فہرست کے فارسی حصے کی نقل مجھے ڈھاکہ سے محترمہ کلثوم ابوالبشر نے فراہم کی ۔ اس فہرست کے مفصل تعارف کے لیے ملاحظہ ہو کلثوم ابوالبشر کا مقالہ : بنگال کی فارسی ، اردو اور عربی تصانیف کی فہرست ثلاثہ غسالہ : ایک تعارف ۔ مطبوعہ سہ ماہی دانش ، اسلام آباد شمارہ ۳ سال ۱۳۶۴ شمسی ۔ ص ۱۳۹ — ۱۵۸ ۔

۳۱ ۔ زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۲۵ تا ۶۷ ۔

۳۲ ۔ زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۹۷ تا ۱۰۹ ۔

۳۳ ۔ مجلہ تحقیق شائع کردہ کلیہ علوم اسلامیہ و ادبیات شرقیہ جامعہ پنجاب لاہور جلد ۴ ۔ شمارہ ۱ ، ۱۹۸۱ء مجلہ کتابداری شائع کردہ کتابخانہ مرکزی و مرکز اسناد دانشگاہ تہران ، دفتر ہشتم ، ۱۹۸۰ء ۔

۳۴ ۔ زیر نظر کتابیات ، شمارہ ۱ ، ۵ ، ۷ ، ۵۶ ، ۶۴ ۔

مخففات حوالہ جات

ادارۂ تحقیقات اسلامی	کتب خانۂ ادارۂ تحقیقات اسلامی ، فیصل مسجد، اسلام آباد ۔
انجمن ترقی اردو	کتب خانۂ انجمن ترقی اردو ، بابائے اردو روڈ ، کراچی – ۱
پنجاب یونیورسٹی	کتب خانۂ پنجاب یونیورسٹی ، شارع البیرونی لاہور ۔
جامعۂ اسلامی	کتب خانۂ جامعۂ اسلامی ، فیصل مسجد ، اسلام آباد ۔
جامعۂ کراچی	محمود حسین لائبریری ، جامعہ کراچی ، کراچی
گنج بخش	کتابخانۂ گنج بخش ، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، اسلام آباد
گوہر نوشاہی	مکان ۲۵ - جی ۱/۸ - اسلام آباد
مخطوطات انجمن ۳	مخطوطات انجمن ترقی اردو تالیف افسر صدیقی امروہوی ، جلد سوم ، شائع کردہ انجمن ترقی اردو کراچی ، ۱۹۷۵ء
مشفق خواجہ	کتب خانۂ مشفق خواجہ ، ۹/۲۶ ، III - ڈی ناظم آباد ، کراچی
میوزیم	کتب خانہ نیشنل میوزیم آف پاکستان ، برنس گارڈن ، کراچی – ۱
نوشاہیہ	کتب خانۂ نوشاہیہ ، ساہن پال شریف ضلع گجرات ۔

Bibliography of Theses submitted to the Department of Library Science University of Karachi (1967-72). By M. Izharul Haque Zia. Department of Library Science. University of Karachi, 1973.	Bibliography of Theses

کتابوں کے عنوانات کے سامنے قوسین میں کتاب کی زبان کی تصریح کی گئی ہے۔

پہلا حصہ

ایسی تصانیف جو فہرست کی معروف شکل میں ہیں اور ان کا تعلق براہ راست مخطوطات سے ہے

* احمد خان

۱ ۔ فہرست مخطوطات کتب خانہ ادارۂ تحقیقات اسلامی (اردو)
مقالہ مشمولہ "فکر و نظر" اسلام آباد۔

عربی مخطوطات کی فہرست بلحاظ شمارۂ نسخہ ، حسب ذیل چھ قسطوں میں ہے۔

شمارہ	صفحات	مسلسل شمارہ مخطوطات
نومبر ۱۹۶۹ء	۳۹۷-۳۹۵	۲۵-۲۳
جنوری ۱۹۷۰ء	۵۵۷-۵۵۵	۲۸-۲۶
فروری ۱۹۷۰ء	۶۲۸-۶۲۵	۳۱-۲۹
ستمبر ۱۹۷۲ء	۱۷۶-۱۷۳	۵۳-۵۲
دسمبر ۱۹۷۲ء	۳۶۳	۵۳
جنوری ۱۹۷۳ء	۴۲۵-۴۲۳	۵۴

حوالہ : ادارۂ تحقیقات اسلامی۔

* احمد شریف

A descriptive catalogue of Bengali Manuscripts in Munshi Abdul Karim's collection

دیکھیے : عبدالکریم ، منشی۔

* ادارۂ تحقیقات اسلامی

۲ ۔ فہرست قومی نمائش کتب سیرت ۱۹۸۴ء (اردو)

ادارۂ تحقیقات اسلامی کے زیر اہتمام اسلام آباد میں منعقدہ قومی نمائش کتب سیرت النبی ۱۲ تا ۱۹ ربیع الاول ۱۴۰۵ھ / ۶ تا ۱۳ دسمبر ۱۹۸۴ء میں رکھی جانے والی کتابوں کی دستی فہرست ہے۔ نمائش میں ۱۳ افراد ، ۱۴ کتب خانوں اور ۳۵ ناشروں نے حصہ لیا۔

زیر بحث فہرست میں ۱۰۲ اندراجات ہیں - زیادہ تعداد مطبوعہ کتابوں کی ہے - مندرجہ ذیل شمارہ ہائے اندراج قلمی نسخوں سے متعلق ہیں:
۹۰، ۱۱۰، ۱۳۲، ۱۴۴، ۲۰۰، ۲۳۸، ۲۳۹، ۲۴۷، ۲۴۸، ۲۹۷،
۳۰۶، ۳۲۳، ۳۲۴ ۳۴۴، ۳۸۵، ۴۰۶، ۴۱۱، ۴۴۱، ۴۴۸،
۴۶۸، ۶۷۵، ۱۱۸۵، ۱۱۹۲، ۱۲۷۹، ۱۲۸۰، ۱۳۴۷ - ان نسخوں کی زبان عربی ، اردو اور سندھی ہے - یہ مندرجہ ذیل کتب خانوں سے لائے گئے : دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری لاہور ، جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور ، قومی عجائب گھر کراچی ، خیر پور پبلک لائبریری خیر پور میرس ، مولانا محمد مالک کاندھلوی لاہور ، انسٹی ٹیوٹ آف سندھالوجی حیدر آباد ، سید آل احمد رضوی ایبٹ آباد ، بلقیس فاروق صاحبہ ، عارف نوشاہی اسلام آباد -

حوالہ : ادارۂ تحقیقات اسلامی -

* اشپرنگر ، اے (Sprengar, A)

مرتبہ و مترجم : محمد اکرام چغتائی

۳ - شاہان اودھ کے کتب خانے - (اردو)

انجمن ترقی اردو ، کراچی ، سلسلۂ مطبوعات ۳۵۸ ، ۱۹۷۳ء ، ۲۰۸ ص -

ڈاکٹر اشپرنگر نے شاہان اودھ کے عربی ، فارسی اور اردو مخطوطات کی مفصل فہرست مرتب کرتے وقت اس کام کے سرکاری نگران مسٹر ایلیٹ کو اپنے کام کے بارے میں تین مفصل رپورٹیں ارسال کیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے :

پہلی رپورٹ متعلقہ موتی محل - ٦ جون ۱۸۴۸ء -

دوسری رپورٹ متعلقہ توپ خانہ - ۱ اکتوبر ۱۸۴۸ء -

تیسری رپورٹ متعلقہ توپ خانہ و فرح بخش - ۱۳ مارچ ۱۸۴۹ء -

بعد ازاں ان رپورٹوں کو یکجا کر کے کلکتہ سے ۱۸۹۴ء میں

مندرجہ ذیل عنوان کے تحت شائع کر دیا گیا :

Report of the Researches into the Muhammadan Libraries of Oudh.

یہ اسی مجموعے کا اردو ترجمہ ہے - ہر رپورٹ موضوعی ترتیب سے لکھی گئی ہے ۔

پہلی رپورٹ کے موضوعات : قواعد اور لغات ، جغرافیہ ، تاریخ ، چغتائی ادب ، قانون ، تذکرہ نویسی ، طب اور تاریخ طبعی ، حدیث ، تصوف - ۱۲ ، الدراجات دوسری رپورٹ کے موضوعات : قواعد اور لغات ، تاریخ ، تذکرہ نویسی ، چغتائی اور پشتو کتب ، فارسی شعرا کے دواوین ، اردو اور ہندی کتب ، متفرقات - ۲۲ اندراجات - تیسری رپورٹ کے موضوعات : لغت نویسی ، قواعد ، فن شعر گوئی ، علم البدیع ، تاریخ ، جغرافیہ ، تذکرہ نویسی ، عربی فارسی اور اردو شعرا کا کلام ، پشتو اور ترکی کتب ، ریاضیاتی علوم ، سنسکرت اور ہندی کتب کے فارسی تراجم ، تصوف و اخلاقیات وغیرہ ، طب اور کیمیا ، متفرقات ، انگریزی سے فارسی تراجم ۔

فاضل مترجم نے ان رپورٹوں کے ۳۹۳ موارد پر تحقیقی تعلیقات کا اضافہ بھی کیا ہے ۔

حوالہ : گنج بخش ۔

* محمد اشرف

Muhammad Ashraf

۴ - **Persian Manuscripts in the National Museum of Pakistan at Karachi.**

Prepared for the Central Committee of the Government of Pakistan for the celebration of the 2500th Anniversary of Foundation of the Iranian Monarchy.

۱/۳ - (Vol. I), Karachi, 1971, pp, 214.

پاکستان کے قومی عجائب گھر ، کراچی کے فارسی مخطوطات کی

موضوعی فہرست ہے۔ ہر نسخے کے بارے میں بنیادی معلومات فراہم کی گئی ہیں ۔ مجموعی طور پر ۳۱۶ نسخوں کے کوائف درج ہیں ۔ موضوعات کی ترتیب حسب ذیل ہے : عام تاریخ ، اسلامی تاریخ ، ترکستان ، ایران ، افغانستان وغیرہ کی تاریخ ، ہند و پاکستان کی تاریخ ، اولیا ، امرا اور شعرا کے تذکرے ، مذہبی ، تاریخی اور اخلاق کہانیاں ، سفر نامے ، جغرافیہ اور آثار شناسی ۔

آخر میں سات علیحدہ علیحدہ اشاریے ہیں : مصنفین و مرتبین اور شارحین کے نام ، عنوانات کتب ، کاتبوں کے نام ، مقامات کتابت ، تواریخ کتابت ، مہروں پر پائے جانے نام اور تواریخ ، زیر نظر فہرست میں اندراج نمبر اور نسخہ کے شمارۂ ثبت (Accesion No.) کی مطابقت کا جدول ۔

۲/۴ - Vol. II, Department of Archaeology and Museums, Ministry of Education, Govt. of Pakistan, Karachi, 1972, pp. 258.

فارسی اور عربی زبان کے قواعد ، انشا ، ادبی نثر ، عروض و قافیہ اور معما کے موضوع پر فارسی کتب کے ۳۶۲ مخطوطات کی موضوعی فہرست ہے ۔

آخر میں ویسے ہی اشاریے ہیں جیسے پہلی جلد کے خاتمے پر ہیں ۔

حوالہ : میوزیم ۔ گنج بخش ۔

* محمد اشرف ، قاضی

۵/۱ ۔ ادارہ تحقیقات اسلامی کا کتب خانہ (اردو)

مقالہ مشمولہ ماہنامہ ”فکر و نظر“ ، ادارۂ تحقیقات اسلامی ، اسلام آباد ۔

جلد ۶ شمارہ ۱۱ مئی ۱۹۶۹ء ، ص ۸۶۸-۸۷۴ ۔

ادارۂ تحقیقات اسلامی ، اسلام آباد کے ۵ عربی مخطوطات کی فہرست بلحاظ شمارۂ مخطوطات (۱ تا ۵) ہے ۔

۲/۵ - فہرست مخطوطات کتب خانہ ادارۂ تحقیقات اسلامی۔ (اردو)

مقالہ مشمولہ ''فکر و نظر'' - حسب ذیل چار قسطوں میں ہے :

شمارہ	صفحات	مسلسل شمارۂ مخطوطات
جولائی ۱۹٦۹ء	۷۱-۷۳	٦-۱۰
اگست "	۱۳٦-۱۳۸	۱۱-۱۲
ستمبر "	۲۲۷-۲۳۰	۱۳-۲۰
اکتوبر "	۳۱۱-۳۱۳	۲۱-۲۳

حوالہ : ادارۂ تحقیقات اسلامی -

* افتخار حسین ، آغا

٦ - مخطوطات پیرس - اردو ، فارسی ، سندھی اور پنجابی -

(اردو و انگریزی) -

انگریزی عنوان :

A Catalogue of Manuscripts in Paris—Urdu, Punjabi and Sindhi. (۱).

ترق اردو بورڈ ، کراچی ، ۱۹٦۷ء ، ٦ + ۳۰ + ۳۵ ص -

پیرس (فرانس) کے دو کتب خانوں Bibliotheque National اور Guiment Musem میں موجود اردو ، فارسی ، سندھی اور پنجابی زبان کے ٦۱ مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے جو اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں مرتب کی گئی ہے -

فہرست کی ترتیب مذکورہ دونوں کتب خانوں میں نسخوں کے شمارۂ اندراج کے مطابق ہے -

آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے -

حوالہ : گنج بخش -

---

(۱) اردو عنوان کے مطابق انگریزی عنوان میں ''فارسی'' (Persian) کو شامل نہیں کیا گیا -

* محمد افضل ملک

۷ - فہرست اردو مخطوطات پنجاب یونیورسٹی لائبریری (اردو)

ماہنامہ "قومی زبان"، کراچی، جلد ۳۸ — شمارہ ۳، ۴، ۵، ۶، جنوری تا جون ۱۹۷۱ء۔

جامعہ پنجاب لاہور سے ایم - اے (اردو) کی سند کے حصول کے لیے یہ مقالہ ڈاکٹر وحید قریشی کی رہنمائی میں لکھا گیا۔

جامعہ پنجاب میں اردو کے ۲۱۸ مخطوطات کی مجمل فہرست ہے۔

حوالہ: انجمن ترقی اردود - یہ مقالہ میری نظر سے نہیں گزرا۔

* امداد حسین - سحر بلوچ

نگران اعلیٰ: پروفیسر مولانا غلام مصطفیٰ قاسمی - نگران: خواجہ غلام الاللہ

۸ - سند جی دینی ادب جو کیٹلاگ - (سندھی)

انسٹی ٹیوٹ آف سندھالوجی، سندھ یونیورسٹی، حیدر آباد، ۱۹۷۱ء، ۳۰ + ۲۲ ص -

یہ فہرست حیدر آباد میں منعقد ہونے والی سندھ کی دینی کتب کی نمائش (جنوری ۱۹۷۱ء) کے موقع پر شائع ہوئی - اس میں سندھ کے مصنفوں کی فارسی، عربی اور سندھی کتابوں کی مجمل فہرست دی گئی ہے، ۸۹۹ چھپی ہوئی کتابوں اور ۲۰۷ قلمی نسخوں کا ذکر ہے - یہ قلمی کتابیں سندھ کے مندرجہ ذیل کتب خانوں سے لائی گئی تھیں: سندھ یونیورسٹی حیدر آباد، سندھی ادبی بورڈ حیدر آباد، مولانا غلام مصطفی قاسمی حیدر آباد، پیر وہب اللہ شاہ گوٹھ پیر جھنڈو، پیر محب اللہ شاہ درگاہ شریف پیر جھنڈو: ذخیرۂ ڈاکٹر عبدالواحد ھالیپوتہ مخزونہ سندھ یونیورسٹی حیدر آباد، پیر حسام الدین راشدی کراچی، حاجی شیر محمد خان نظامانی ٹنڈو قیصر، ڈاکٹر ای - کیو - انصاری -

ہر کتب خانے کے نسخوں کا الگ الگ ذکر ہوا ہے۔ پہلے ۴۰ صفحات پر مطبوعات اور آخری ۲۲ صفحات پر مخطوطات کی فہرست ہے۔

کتاب کے ساتھ کوئی اشاریہ نہیں ہے۔

حوالہ: گنج بخش۔

* امروہوی، افسر صدیقی۔ (ج ۱ تا ۲)

* رضوی، سرفراز علی (ج ۱)

۹۔ **مخطوطات انجمن ترقی اردو** (اردو)

انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی میں آردو مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے۔ اب یہ مخطوطات قومی عجائب گھر کراچی کی تحویل میں ہیں۔

اب تک مندرجہ ذیل جلدیں شائع ہو چکی ہیں۔

۹/۱: جلد اول: شریک مرتب: سید سرفراز علی رضوی، انجمن ترقی اردو پاکستان، کراچی سلسلۂ مطبوعات ۲۲۲، ۱۹۶۵ء ۵۶۰ ص۔

یہ جلد دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ افسر امروہوی کا مرتب کردہ ہے اور اس میں بر حسب موضوع ۸۵ نسخوں کی وضاحتی فہرست موجود ہے۔ موضوعات کی ترتیب اس طرح ہے: اسلامیات، فضائل و مناقب، پند و نصایح، تذکرے، دواوین، مثنویات۔ دوسرا حصہ سرفراز علی کا مرتب کردہ ہے اس میں ۱۱۶۸ نسخوں کی دستی فہرست درج کی گئی ہے۔ کسی نسخے کے ساتھ کتب خانے کا شمارۂ اندراج نہیں دیا گیا۔

آخر میں اشخاص اور کتب کے ناموں کا مشترکہ اشاریہ ہے۔

حوالہ: گنج بخش۔

۹/۲: جلد دوم: وہی ناشر، سلسلۂ مطبوعات ۳۲۹، ۱۹۶۷ء، ۳۸۳ ص۔

دینی علوم پر ۱۸۳ نسخوں کی فہرست ہے۔ کتب خانے کا شمارۂ اندراج نہیں دیا گیا۔

آخر میں اشخاص ، کتب اور مقامات کے ناموں کا مشترکہ اشاریہ ہے۔

حوالہ: گنج بخش۔

۹/۳ : جلد سوم : وہی ناشر ، سلسلۂ مطبوعات ۳۸۱ ، ۱۹۷۵ء ، ۴ + ۱۴۸ ص۔

کتب خانے کے شمارۂ اندراج ۴ تا ۱ تا ۱۵۰ نسخوں کا نمبر وار تذکرہ ہوا ہے۔ نسخوں کا موضوع تاریخ ، اخلاق ، ادب اور علم طب ہے۔ اس کے علاوہ آن ڈائریوں اور اخبارات و رسائل کی تفصیلات بھی جمع کر دی گئی ہیں جو کتب خانہ کے شعبۂ مخطوطات میں موجود ہیں۔

آخر میں اشخاص ، اداروں ، کتابوں ، روز ناموں ، چھاپہ خانوں ، شہروں اور ملکوں کے ناموں کا اشاریہ موجود ہے۔

حوالہ : گنج بخش۔

۹/۴ : جلد چہارم : مخطوطات انجمن ، وہی ناشر ، سلسلہ مطبوعات ۳۹۴ ، ۱۹۷۶ء، ۲۹۶ ص۔

اردو ادبیات (نثری متون ، مثنویات ، دواوین ، کلیات) پر کتابوں کے ۲۴۸ نسخوں کی نمبر وار فہرست ہے جو کتب خانے کے شمارۂ اندراج ۳۰ قا ۱ تا ۲۴۸ پر محیط ہے۔

اختتام پر اشخاص ، کتب ، مقامات اور اداروں کے ناموں کا الگ الگ اشاریہ ہے۔

حوالہ : گنج بخش۔

۹/۵ جلد پنجم : وہی ناشر ، سلسلہ مطبوعات ۴۰۳ ، ۱۹۷۸ء ، ۴۰۳ ص۔

منظوم کتب کے ۲۴۲ نسخوں کی شمارۂ اندراج ۲ قا ۹۴۲ تا ۳۹۰ کے مطابق فہرست ہے -

آخر میں شخصیات ، مقامات و اداروں ، کتابوں اور رسالوں کے ناموں کا الگ الگ اشاریہ ہے -

حوالہ : گنج بخش -

۶/۹ جلد ششم : وہی ناشر ، سلسلہٴ مطبوعات ۳۲۷ ، ۱۹۸۲ء ، ۲۴۴ ص -

کتب خانے کے شمارۂ اندراج ۳ قا ۱۱۴ تا ۸۰۰ کی ترتیب کے مطابق ۸۵۷ مخطوطات کی فہرست ہے -

ابتدا میں زیر بحث جلد میں متعارف کتابوں کے ناموں کی فہرست اسی ترتیب کے مطابق درج ہوئی ہے جس ترتیب کے مطابق آگے کتاب میں ان کا مفصل ذکر ہوا ہے -

آخر میں کوئی اشاریہ نہیں -

حوالہ : گنج بخش -

* (انجمن ترقی اردو)

زیر نگرانی : ڈاکٹر مولوی عبدالحق

۱۰ - فہرست کتب انجمن ترقی اردو (اردو)

قلمی نسخہ مخزونہ کتب خانہ انجمن ترقی اردو ، کراچی ، شمارہ ۴ قا ۵۹ ، ۵۰۶ ص -

یہ ان قلمی اور مطبوعہ (۳۸۰۱۳) کتابوں کی فہرست ہے جو دہلی میں انجمن ترقی اردو کے کتب خانے میں تھیں - ان کتابوں میں سے اکثر و بیشتر ہندوستان ہی میں رہ گئیں -

فہرست کی ترتیب فنون کے اعتبار سے ہے -

حوالہ : مخطوطات انجمن ۳ : ۵۳-۵۴ -

* (انجمن ترقی اردو)

۱۱ - فہرست مخطوطات انجمن ترقی اردو قبل از تقسیم (اردو)

قلمی نسخہ مخزونہ کتب خانہ انجمن ترقی اردو ، کراچی ، شمارہ ۴ قا ۵۴ ، ۱۳۲ ص -

یہ انجمن ترقی اردو کے آن مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے جو دہلی میں تھے - ان میں سے کچھ پاکستان کے قیام (۱۹۴۷ء) کے بعد یہاں آگئے اور کچھ وہیں ضائع ہوگئے -

اس میں ۱۱۸ مخطوطات اردو کی وضاحت پیش کی گئی ہے -

حوالہ : مخطوطات انجمن ۳ : ۵۰ -

۱۲ - فہرست مخطوطات انجمن ترقی اردو (اردو)

قلمی نسخہ مخزونہ کتب خانہ انجمن ترقی اردو ، کراچی ، شمارہ ۴ قا ۵۵ ، ۷۸۶ ص -

یہ آن مخطوطات کی ضخیم مشرح فہرست ہے جو قبل از تقسیم (۱۹۴۷ء) انجمن ترقی اردو دہلی کے کتب خانے میں تھے اور جن میں سے اکثر ضائع ہو گئے ہیں - یہ فہرست حروف تہجی کے اعتبار سے ہے -

حوالہ : مخطوطات انجمن ۳ : ۵۱ -

* محمد باقر ، ڈاکٹر

۱۳ - فہرت کتابخانہ ملی دکتر محمد باقر (فارسی)

پہلی اشاعت : مجلہ انجمن عربی و فارسی و دانشگاہ پنجاب لاہور ، مئی ۱۹۶۱ء ، فروری ۱۹۶۲ء ص ۱-۱۹۱ -

دوسری اشاعت : پنجابی اکادمی ، لاہور ، سلسلہ مطبوعات ، ۱۴ ، ۱۹۶۱ء ، ۱۹۱ ص -

ڈاکٹر محمد باقر سابق؛ صدر شعبہ فارسی پنجاب یونیورسٹی لاہور کے ذاتی کتب خانے میں موجود مطبوعہ اور قلمی کتابوں کی دستی فہرست ہے - ص ۱ تا ۶ فارسی ، عربی ، پنجابی ، اردو اور انگریزی زبان میں لکھی جانے والی کتابوں کے ۹۵ قلمی نسخوں کا اندراج ہوا ہے -

آخر میں اشخاص اور کتب کے ناموں کا الگ الگ اشاریہ ہے۔

حوالہ: گنج بخش۔

* بشیر حسین، ڈاکٹر محمد

۱۴ - فہرست مخطوطات شفیع (بہ فارسی و اردو و پنجابی) درکتابخانۂ

مرحوم پروفسور دکتر مولوی محمد شفیع با پیوستی مشتمل بر یاد داشتہای آن دانشمند فقید راجع بہ نسخ مزبور، گرد آوردۂ احمد ربانی ایم - اے کہ این فہرست نیز بسعی و اہتمام ایشان مطبوع گردیدہ (فارسی - اردو) -

انگریزی عنوان:

A Descriptive Catalogue of Persian, Urdu & Punjabi Mss. in the Library of Prof. Dr. Maulvi Muhammad Shafii.

دانشگاہ پنجاب، لاہور، بیاد بود جشن صدمین سال تأسیس دانشکدۂ خاور شناسی دانشگاہ پنجاب، شوال ۱۳۹۲ھ/دسامبر ۱۹۷۲ء، (۳۳) + ۶۵۱+۱۰۲+۴ ص -

پروفیسر ڈاکٹر محمد شفیع (م ۱۳۸۲ھ/۱۹۶۳ء) کے جمع کردہ فارسی، اردو اور پنجابی مخطوطات، کی وضاحتی فہرست جو اُن کے بیٹے احمد ربانی، لاہور کی تحویل میں تھے -

الف - فارسی مخطوطات (مسلسل شمارۂ اندراج ۱ تا ۳۹) کے موضوعات کی ترتیب حسب ذیل ہے: تفسیر و علوم قرآن، حدیث، منشآت و مکاتیب، تاریخ عالم، تاریخ ہند (عمومی و صوبجات بنگال و آگرہ و کشمیر وغیرہ)، تاریخ اسلام، تاریخ ایران، فرہنگیں، طب، تذکرہ ہا (شعرا، وزرا، عرفا وغیرہ)، شعر (دواوین و بیاض ہا وغیرہ) نجوم و ہیئت و ہندسہ، نثر ادبی و قصص، شروح کتب نظم و نثر، تصوف، فقہ و اوراد، عروض و صنائع، جغرافیا، کتب متفرق (معما، جواہر نامے، تجارت وغیرہ) -

ب - ضمیمہ - مسلسل شمارہ ۲۹۶ تا ۳۲۴، فرامین - مسلسل شمارہ

۴۲۳ تا ۴۳۵ - خوشنویسی کے ۱۶۰ مرقعات کی تفصیل -

ج - ذخیرۂ ربانی - اُن نسخوں کی فہرست ہے جو مولوی محمد شفیع کی رحلت کے بعد اُن کے بیٹے احمد ربانی مرحوم نے جمع کیے - مسلسل شمارہ ۴۳۷ تا ۴۶۹ -

د - پیوست مشتمل بر یادداشتہای مولانا برین نسخ - ۴۲۴ اشارات پر تعلیقات ہیں -

ہ - اردو کے ۱۶ مخطوطات کی فہرست -

و - پنجابی کے ۵ مخطوطات کی فہرست -

اس کے بعد مقامات ، اشخاص اور کتب کے نام کا اشاریہ ہے - آخر میں ۱۰۲ صفحات پر مشتمل نادر کتب کے صفحات کے نمونے ہیں -

حوالہ : گنج بخش -

* بشیر حسین ، محمد

۱۵ - فہرست مخطوطات شیرانی (فارسی)

زیر بحث فہرست میں برعظیم پاک و ہند کے نامور عالم اور کتابوں کے ممتاز مبصر حافظ محمود خان شیرانی (۱۸۸۰—۱۹۴۶ء) کے فراہم کردہ مخطوطات کا تعارف ہے - یہ ذخیرۂ مخطوطات پنجاب یونیورسٹی لاہور نے اُن سے ۱۹۴۲ء میں خریدا تھا - یہ اُس ذخیرے کے صرف فارسی قلمی نسخوں کی اجمالی فہرست ہے جو پہلے ادارۂ تحقیقات پاکستان دانشگاہ پنجاب لاہور کے سہ ماہی رسالے کے شمارہ جنوری ، اپریل ۱۹۶۷ء شائع ہوئی - بعد میں اُسی ادارے کی طرف سے تین جلدوں پر مشتمل کتابی صورت میں پیش کی گئی - جس کی تفصیل حسب ذیل ہے :

۱۵/۱ : جلد اول : ادارۂ تحقیقات پاکستان ، دانشگاہ پنجاب ، لاہور ، سلسلہ مطبوعات ۶ ، ۱۹۶۸ء - (۱۰) + ۲۰۱ ص -

اس جلد میں ۱۰۷۳ نسخوں کا تعارف موضوعات کی اس ترتیب کے مطابق ہوا ہے : تفاسیر قرآن مجید ، حدیث ، تاریخ عام ، تاریخ عالم ، تاریخ اسلام ، سیرت و شمائل و فضائل نبی اکرمؐ ، تاریخ ہند ، تاریخ ایران ، تاریخ افغانستان ، تاریخ اقوام و قبائل ، تاریخ ممالک غربی و ایشیاے وسطیٰ ، تذکرے اور انتخاب کلام شعرا ، انتخاب کلام شعرا ، نظم ۔ (مسلسل شمارۂ اندراج از ۱ تا ۱۰۷۳) ۔

حوالہ : گنج بخش ۔

۲/۱۵ جلد دوم : وہی ناشر ، سلسلۂ مطبوعات ۱۲ ، جون ۱۹۶۹ء ، (۶) + ۱۹۸ تا ۱۱۳۰ ص ۔

اس جلد میں ۱۱۰۹ نسخوں کا تعارف موضوعات کی حسب ذیل ترتیب کے مطابق درج ہوا ہے : تصوف ، ہندو مذہب و تصوف ، فقہ ، لغت ، نثر فارسی ، انشاء ، طب و شکار (مسلسل شمارۂ اندراج از ۱۰۷۴ تا ۲۱۸۳) ۔

حوالہ گنج بخش ۔

۳/۱۵ جلد سوم : وہی ناشر ، شمارۂ مطبوعات ۲۸ ، جون ۱۹۷۳ء ، (۴) + ۴۱۲ تا ۸۳۵ ص ۔

انگریزی عنوان : Fehrist-e.Makhtutat-e-Shirani

اس جلد میں ۷۳۹ نسخوں کا تعارف شامل ہے ۔ آخر میں مزید ۲۰ نسخوں کی نشان دہی کی گئی ہے جو مصنف کو کتب خانے میں نہیں ملے لیکن اُن کا نام ریکارڈ میں موجود ہے ۔ یہ جلد بھی موضوعی ترتیب کے مطابق مرتب ہوئی ہے اور اس میں حسب ذیل موضوعات ہیں : قصص و حکایات ، شروح نظم و نثر فارسی ، علم حساب و ہندسہ و سیاق ، تعبیر و خوابنامہ و فال نامہ ، جفر و قیافہ ، رمل و نجوم و ہیئت ، اسطرلاب و صنعت کرہ ، تقویم و زیج ، اوراد و ادعیہ ، انتقاد ادبی ، کتب انساب و شجرۂ بزرگان ، طباخی ، تاریخ گوئی ، باغبانی و فلاحت ، جواہر نامے ، خطاطی ، فرسنامے ، فن حرب (سپہ گری و تیر

اندازی) ، فنون مختلف ، دوائر المعارف و کتب متفرق ، کتب نصاب ، دستور زبان ، بدیع و بیان ، معما ، کلام و منطق ، موسیقی ، جغرافیا ، ضمیمہ مشتملبر کتب تفسیر ، تاریخ ، تذکرہ ، تصوف ، فقہ ، شعر ، لغت ، انشا و طب وغیرہ ۔ (مسلسل شمارۂ اندراج از ۲۱۸۴ تا ۳۱۲۲) ۔

آخر میں تین جلدوں کا مشترکہ اشاریہ موجود ہے ۔ جس میں اشخاص ، کتب اور جگہوں کے نام شامل ہیں ۔

حوالہ : گنج بخش ۔

* بہاری ، محمد ظفر الدین

۱۶ ۔ المجمل المعدد لتائیفات المجدد = ۱۳۲۷ھ (اردو)

مرکزی مجلس رضا ، لاہور ، ۱۳۹۴ھ/۱۹۷۴ء ، ۳۲ ص ۔

مولانا احمد رضا خان بریلوی (۱۸۵۶-۱۹۲۱ء) کی عربی ، فارسی اور ہندی (یعنی اردو) زبانوں میں ۳۵۰ * تصانیف کی مجمل فہرست سال تصنیف کی ترتیب کے مطابق ہے ۔ ہر کتاب کا سنۂ تصنیف ، نام ، فن ، زبان ، مطبوعہ یا غیر مطبوعہ ہونا اور مضمون بتایا گیا ہے ۔ اعداد و شمار کے مطابق ۲۲۳ اردو ، ۱۰۰ عربی اور ۲۷ فارسی کتابیں ہیں اور ۱۳۲۷ھ تک ان میں سے ۲۴۷ کتب ہنوز غیر مطبوعہ تھیں ۔

حوالہ : گنج بخش ۔

* بیدار ، عابد رضا (مدیر)

۱۷ ۔ خدا بخش لائبریری جرنل ۔ پٹنہ (اردو)

مشترکہ شمارہ ۲۹ ، ۳۰ ، ۳۱

خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری ، پٹنہ ، ۱۹۸۴ء ۔

خدا بخش لائبریری پٹنہ نے ۱۹۸۴ء میں ''طب سیمنار'' کے عنوان

---

* ماہنامہ المیزان بمبئی کے امام احمد رضا نمبر میں یہ تعداد ساڑھے چھ سو تک پہنچ گئی ہے ۔

سے عربی ، فارسی مخطوطات پر پہلا جنوبی ایشیائی علاقائی سیمنار منعقد کیا ۔ اس سیمنار میں جو مقالات پیش کیے گئے وہ زیر بحث شمارے میں شامل ہیں ۔ پاکستانی مخطوطات سے متعلق مقالات حسب ذیل ہیں ۔

۱ - ذخیرۂ برکاتی پاکستان کے دو نادر طبی مخطوطے ۔ حکیم محمود احمد برکاتی کراچی ، ص ۱۲۹-۱۴۰

۲ - نیشنل میوزیم پاکستان میں طب کے دو نادر مخطوطے ۔ پروفیسر قمر آستان خان کراچی ، ص ۱۴۱-۱۵۸ ۔

۳ - پاکستان کے کتابخانوں میں غیر مطبوعہ طبی مخطوطات ۔ احمد منزوی ، ص ۷۷-۸۴ ۔

۴ - پاکستان کے کتابخانوں اور ذاتی ذخیروں میں اہم طبی نوادر ۔ حکیم محمود احمد برکاتی ، ص ۸۵-۹۲ ۔

حوالہ : گنج بخش ۔

* تسبیحی ، محمد حسین

۱۸ - فہرست نسخہ های خطی خواجہ سنا اللہ خراباتی (فارسی)

انگریزی عنوان :

Catalogue of the Manuscripts of Khwajah Sana' Allah Kharabati.

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، راولپنڈی ، بیاد بود جشن دو ہزار و پانصد مین سال بینانگذاری شاہنشاہی ایران ، سلسلۂ مطبوعات ۳ ، ۱۳۹۲ھ/۱۹۷۲ء ، ۵۷+۲۲۲+۱۰۶+۱۲ ص ۔

خواجہ سناء اللہ خراباتی قادری (ولادت ۱۲۲۴ھ بمقام طنگاہ نزد سری نگر ۔ زندہ تا ۱۲۹۷ھ ، مدفون جلال پور جٹاں ضلع گجرات) صوفی منش مصنف تھے ۔ انہوں نے مختلف موضوعات پر ۱۰۲ کتابیں لکھیں جن میں سے ۵۰ مفقود اور ۵۲ موجود ہیں ۔ زیر بحث کتاب انہی موجود کتابوں کی وضاحتی فہرست ہے ۔ جب یہ فہرست تیار کی گئی

تو اس وقت مذکور تصانیف اماناتاً مرکز تحقیقات فارسی کی تحویل میں تویں - بعد میں خواجہ خراباتی کے اخلاف میں سے سید ریاض حسین شاہ خراباتی مرحوم ساکن لاہور نے یہ نسخے واپس لے لیے -

یہ فہرست کتابوں کے نام پر الفبائی ترتیب کے ساتھ مرتب کی گئی ہے - اس میں فارسی کی ۵۰ کتب اور کشمیری زبان کی ۲ کتابوں کا تذکرہ ہے - ان میں سے ۸ کتابیں منثور اور ۴۴ کتابیں منظوم ہیں -

آخر میں موضوعات ، کتب ، کاتبوں ، مہروں پر کندہ نام ، سجعات اور جملات ، اشخاص اور مقامات کے ناموں کا الگ الگ اشاریہ ہے - اس کے بعد خواجہ خراباتی کی باقیات اور تحریروں کے مفصل نمونے دیے گئے ہیں -

حوالہ : گنج بخش -

* تسبیحی ، محمد حسین

۱۹ - فہرست نسخہ های خطی کتابخانہ گنج بخش مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان (فارسی)

انگریزی عنوان :

Catalogue of the Manuscripts in the Ganj Bakhsh Library of Iran Pakistan Institute of Persian Studies.

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، ۱۹۷۱ء میں قائم ہوا تھا - یہ ادارہ پاکستان میں فارسی کتب (مخطوطات و مطبوعات) جمع کرنے اور ان کی فہرستیں شائع کرنے کا اہتمام کرتا ہے - اس ادارے سے وابستہ ”کتابخانہ گنج بخش“ میں قلمی اور مطبوعہ کتابوں کا ایک قیمتی ذخیرہ موجود ہے - اس کتب خانے کے مخطوطات کی اب تک دو علیحدہ علیحدہ فہرستیں چھپ چکی ہیں - ایک احمد منزوی کی چار جلدوں پر مشتمل موضوعی فہرست (ملاحظہ ہو اندراج : ۸۳) اور دوسری زیر بحث تین جلدیں پر مبنی توضیحی فہرست -

تینوں جلدیں کتابوں کے ناموں پر حروف تہجی کے مطابق مدون

ہوئی ہیں - ہر جلد میں مختلف زبانوں کی کتابوں کا تذکرہ ہوا ہے -

۱/۱۹ جلد اول : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، راولپنڈی ،
بیاد بود جشن دوہزار و پانصدمین سال بنیانگذاری شاہنشاہی
ایران ، سلسلہ مطبوعات ۱ ، ۱۹۷۱ء/۱۳۵۰ ہجری شمسی ،
۲۵+۸۲۴+xvi ص -

اس جلد میں کتابخانہ گنج بخش کے مخطوطات بمطابق شمارۂ ثبت (Call No.) ۱ تا ۳۰۰ متعارف ہوئے ہیں مگر درحقیقت ۴۲۸ نسخوں کا تذکرہ ہے - ان نسخوں کے موضوعات یہ ہیں : دین ، ادب ، ریاضی ، منطق ، طب ، قواعدزبان ، نجوم ، حوالہ جاتی کتب ، تاریخ ، فلسفہ ، اخلاق ، خالص علوم - مذکورہ موضوعات پر فارسی ، عربی ، اردو ، پنجابی اور ترکی زبان کی کتابوں کو شامل کیا گیا ہے -

اختتام پر مخظوطات کے موضوعات ، اشخاص ، کاتبوں ، مہروں پر کندہ ناموں اور عبارتوں ، نسخوں میں متفرق اشعار کے پہلے مصرعوں کتابوں اور جگہوں کے ناموں کا اشاریہ ہے - اس کے بعد بعض اہم نسخوں کے کچھ صفحات کا بھی عکس ہے -

حوالہ : گنج بخش

۲/۱۹ جلد دوم : وہی ناشر ، بہ مناسبت صدمین سال تولد علامہ اقبال بہ حساب ہجری قمری ۱۲۹۴-۱۳۹۴ھ ، سلسلہ مطبوعات ۱۱ ، ۱۹۷۴ء ، ۲۱+۷۵۶+۶۲+xii ص -

اس جلد میں کتب خانے کے شمارۂ اندراج ۳۰۱ تا ۶۰۰ کے مخطوطات شامل کیے گئے ہیں اور مجموعی طور پر یہ ۳۹۷ نسخوں کی فہرست ہے - اس میں فارسی ، ترکی ، عربی ، اردو ، پشتو ، پنجابی اور کشمیری زبانوں میں دینی ، ادبی ، تاریخی ، طبی ، حوالہ جاتی ، لسانیاتی نجومی ، اخلاقی ، موسیقی ، فلسفی ، نفسیاتی اور عمرانیاتی کتابیں ملتی ہیں -

آخر میں وہی تمام اشارے موجود ہیں جو پہلی جلد کے آخر میں ملحق کیے گئے ہیں ۔ البتہ اس جلد میں جلد سازوں کے ناموں کے اشاریے کا اضافہ ہوا ہے ۔

اختتام پر اہم مخطوطات کی تصاویر بھی موجود ہیں ۔

حوالہ : گنج بخش

۳/۱۹ جلد سوم : وہی ناشر ، اسلام آباد ، بہ مناسبت پنجاہمین سال شاہنشاہی پہلوی و صدمین سال تولد قائد اعظم محمد علی جناح ، ۱۹۷۷ء ، سلسلہ مطبوعات ۲۰ ، ۲۰+۹۳۴+xii ص ۔

اس جلد میں کتب خانے کے شمارۂ اندراج ۶۰۱ تا ۱۰۰۰ کے مخطوطات شامل کیے گئے ہیں ۔ فارسی ، عربی ، اردو ، پنجابی ، پشتو ، ترکی اور ہندی زبانوں میں کتابوں کے ۶۸۷ نسخوں کی فہرست ہے ۔ ان کتب کے موضوعات حسب ذیل ہیں : دین ، ادب ، طب ، تاریخ ، نجوم ، مراجع ، قواعد زبان ، فلسفہ ، اخلاق ، عمرانیات ، نفسیات ، ریاضی و ہندسہ ، کیمیا ، منطق اور حیوانیات ۔

آخر میں وہی آٹھ اشاریے موجود ہیں جو دوسری جلد کے خاتمے پر ہیں ۔ نادر مخطوطات کے بعض صفحات کا عکس بھی دیا گیا ہے ۔

۴/۱۹ جلد چہارم : غیر مطبوعہ ، ٹائپ شدہ ، مخزونہ کتابخانہ گنج بخش اسلام آباد ۔ ۱۳۹۶ھ/۱۹۷۶ء ، ۶۰۰ ص ۔

اس جلد میں کتب خانے کے شمارۂ اندراج ۱۰۰۱ سے ۲۰۰۰ تک کے مخطوطات شامل کیے گئے ہیں جو متفرق زبانوں کے ہیں ۔

حوالہ : گنج بخش

* تسبیحی ، محمد حسین

۲۰ ۔ کتابخانہ ہای پاکستان (فارسی)

انگریزی عنوان :

Libraries of Pakistan

جلد اول ، مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، اسلام آباد ، بمناسبت صدمین سال تولد قائد اعظم محمد علی جناح و پنجاہمین سال شاہنشاہی ایران ، ۱۹۷۷ء ، سلسلۂ مطبوعات ۲۳ ، ۱۲ + ۵۱۳ + xii ص -

کتاب کا ایرانی مصنف پاکستان میں مقیم رہ کر چھ سال تک یہاں کے سرکاری ، غیر سرکاری ، ذاتی ، خانقاہی اور مدرسوں کے کتب خانوں میں جاتا رہا ہے اور انھوں نے ایسے ۲۸۵ کتب خانے دیکھے ہیں اور ان کے بقول ان کتب خانوں میں ۹۳۵۰۸ قلمی نسخے اور ۱۸۲۷۶۵ مطبوعہ کتابیں موجود ہیں (مقدمہ ص ۱۹) -

زیر بحث کتاب میں ۲۵۷ پاکستانی کتب خانوں میں عربی ، فارسی اور مقامی زبانوں میں متفرق موضوعات کے قلمی نسخوں کا مختصر تعارف درج کیا گیا ہے - کتاب میں کوئی ترتیب ملحوظ رکھی نہیں گئی البتہ آخر میں موضوعات ، مہروں پر کندہ ناموں اور جملوں ، کتابوں ، افراد و قبائل ، کتب خانوں و کتب فروشوں اور مقامات کے ناموں کا اشاریہ موجود ہے -

صفحہ ۴۹۵ تا ۵۱۳ مزید ایسے پاکستانی کتب خانوں کی فہرست درج ہوئی ہے جن میں مخطوطات موجود ہیں اور ان مخطوطات کی تفصیل اگلی جلد میں آئے گی - مگر یہ جلد ابھی تک شائع نہیں ہوئی -

حوالہ : گنج بخش

* جشن ملتان کمیٹی

۲۱ - نمائش نوادرات و مخطوطات (اردو)

بسلسلۂ تقریبات جشن ملتان ، بت ، ۱۰۶ + ۴ ص -

جشن ملتان (تاریخ انعقاد مذکور نہیں ہے) کے موقع پر نوادر اور مخطوطات کی نمائش منعقد ہوئی - اس کتابچے میں ان نوادر اور قلمی نسخوں کی مجمل فہرست ہے - اس نمائش میں زیادہ تر عربی اور فارسی کے نسخے رکھے گئے تھے - ملتان اور گردو نواح کے ۳۳ اداروں اور

افراد نے اس نمائش میں شرکت کی ۔ ہر ذخیرے کو الگ الگ متعارف کیا گیا ہے ۔ پہلے صاحبِ ذخیرہ کا تعارف دیا گیا ہے ۔ اس کے بعد اس ذخیرہ کے نوادر اور مخطوطات کا ذکر ہے اور اختتام پر اہم نوادر کی تصویریں ہیں ۔

اس نمائش میں شرکت کرنے والے اداروں اور اشخاص کے نام اسی ترتیب کے مطابق درج کیے جاتے ہیں جس ترتیب کے ساتھ اس کتابچے میں ان کے نوادر کی فہرست درج ہوئی ہے :

آنسہ عقیلہ خانم پرنسپل گورنمنٹ انٹرمیڈیٹ کالج خانیوال ، نواب زادہ احسن علی خان آف کنجپورہ (خانیوال) ، قاضی اللہ بخش قریشی جلال پور پیر والا ، چوہدری محمد علیم ، مرزا ظہیر بیگ ، عبدالخالق پراچہ ، محمد اسلم خان ، سردار محمد عظیم خان سدوزئی ، مولانا عبدالکریم قدیر آباد ، محمد عمر کمال خان ایڈوکیٹ ، فضل عباس گردیزی ، مخدوم زادہ سید مختار حسین ، اصغر علی اظہر ، مخدوم دیوان سید غلام عباس بخاری ، مولانا حکیم محمد صدیق سہیل ، سید محمد رمضان شاہ گردیزی ، محمد ضرار بشیر خان ، خان عبدالحلیم خان ترین ، سید عباس حسین گردیزی ، ڈاکٹر ایس ۔ ایم ذکی ، پبلک لائبریری باغ لانگے خان ملتان ، آغا صادق حسین پرنسپل ، ملک اللہ بخش ہیڈ ماسٹر ، سید ظفر حسین تاثیر نقوی ، محمد طاہر خان ، رحمت اللہ طارق ، سنٹرل لائبریری بہاول پور ، راجہ نصراللہ خان ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جلال الدین احمد صدیقی ، مشتاق احمد عاقل ، مولوی فیض محمد قادری ، ابن حنیف ، سید قدرت نقوی ۔

حوالہ : گنج بخش ۔

* جلال الدین حیدر ۔ سرور احمد صدیقی ۔ عبدالحلیم چشتی ۔

۲۲ ۔ فہرست نوادرات (مائیکرو فلم) کتب خانہ جامعہ کراچی (اردو) ۔

کتب خانہ جامعہ کراچی ، ۱۹۷۰ء ، ۶۳ ص ، سائیکلو سٹائل کاپی

کراچی یونیورسٹی ، کراچی میں محفوظ قلمی کتابوں کی ۱۴۱۹
مائیکرو فلموں کی فہرست ہے اور تین حصوں پر مشتمل ہے :

۱ - مصنفوں کے نام اور اُن کی کتابیں -
۲ - کتابوں کے نام -
۳ - مضامین کا اشاریہ -

ہر حصہ حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق ہے -

حوالہ : گنج بخش -

* جونیجو ، ڈاکٹر عبدالجبار

۲۳ - لطیفیات - شاہ عبداللطیف بتائیؒ جی سوانح حیاتء کلام (چیپلء الچیل) جی ببلیو گرافی - (سندھی)

انسٹی ٹیوٹ آف سندھالوجی ، سندھ یونیورسٹی ، جام شورو ، سلسلہ مطبوعات ۵۰ ، ۱۹۷۷ء ، ۱۵۶ ص -

شاہ عبداللطیف بھٹائی (م ۱۱۶۵ھ) کے سوانح حیات اور کلام کے بارے میں مختلف زبانوں میں شائع شدہ اور غیر مطبوعہ کتابوں کی فہرست ہے - اس کتاب کے پہلے باب میں "شاہ جو رسالہ" کے ۳۱ قلمی نسخوں کی نشاندہی کی گئی ہے -

حوالہ : جامعہ کراچی -

* چاند حسین ، شیخ

C. H. Shaikh

۲۴ - A Concise Catalogue of Manuscripts and Mughal Official Documents belonged to Khan Bahadur Maulvi Zafar Hasan O B.E.
Delhi, 1946, pp. 32.

خان بہادر مولوی ظفر حسن مرحوم (۱۸۸۶ء سنبھل - ۱۹۶۵ء کراچی) کے ذاتی کتب خانے میں موجود قلمی نسخوں اور مغلوں کی

سرکاری دستاویزات کی مجمل فہرست ہے - اب یہ ذخیرہ ، قومی عجائب گھر پاکستان کراچی کی تحویل میں ہے -

اس فہرست میں عربی ، فارسی اور اردو کتب کے ۱۱۷ نسخوں کا تعارف زبان کی ترتیب کے مطابق ہوا ہے - اس کے بعد ۳۲ فرامین کی تفصیل ہے -

حوالہ : مشفق خواجہ -

* چشتی ، عبدالحلیم

فہرست نوادرات (مائیکرو فلم) کتب خانہ جامعہ کراچی -

دیکھیے : جلال الدین حیدر -

* چغتائی ، محمد اکرام

شاہان اودھ کے کتب خانے -

دیکھیے : اشپرنگر ، اے -

* حبیب اللہ ، اے - بی ایم

A. B. M. Habibullah,

۲۵ - **Descriptive Catalogue of the Persian, Urdu & Arabic Manuscripts in the Dacca University Library.**

ڈھاکہ یونیورسٹی ، ڈھاکہ (بنگلا دیش) میں عربی ، فارسی ، بنگالی ، اردو ، سنسکرت ، ہندی ، میتھیلی اور اسامی زبانوں کے بیس ہزار مخطوطات موجود ہیں - ان میں سے فارسی ، اردو اور عربی مخطوطات کی دو جلدوں میں وضاحتی فہرست تیار کی گئی ہے :

۲۵/۱ - Vol. I : Persian Manuscripts, with a note on the history of the manuscripts collection by M. Siddiq Khan, University Library, Dacca, S. No. 1, 1966, pp. xxi+406

پہلی جلد میں ۳۶۴ فارسی مخطوطات کی موضوعی فہرست ہے - موضوعات کی ترتیب حسب ذیل ہے : تاریخ ، تذکرہ ، عشقیہ داستانیں

اور قصے ، شاعری ، ادبی نثر و انشا ، لغت نامہ و قواعد زبان ، قرآنی علوم ، حدیث ، عقائد ، فقہ ، غیر اسلامی عقائد ، تصوف ، دائرۃ المعارف فلسفہ و منطق و اخلاق ، طب ، نجوم ، علم حیوانات ، خوشنویسی ، جغرافیہ و سفر نامہ ، قانون ، متفرق علوم پر مشتمل کتب ، ضمیمہ۔

حوالہ : گنج بخش۔

۲/۲۵ - Vol. II : Urdu & Arabic Manuscripts, Same Publisher, S. No. 1, 1968, p.p. vi + 407 — 566 + 58

اردو اور عربی کے ۱۶۲ مخطوطات کی فہرست ہے۔ (بعض ہندی زبان کے نسخے بھی اردو زبان ہی کے تحت درج ہوگئے ہیں)۔

اردو مخطوطات (مسلسل شمارۂ اندراج ۳۹۵ تا ۴۳۴) کے موضوعات کی ترتیب اس طرح ہے : تاریخ ، عشقیہ داستانیں ، شاعری ، لغت نامہ اور قواعد زبان۔ اسلامی اور غیر اسلامی عقائد ، فلسفہ و منطق و اخلاق ، طب ، متفرقات۔

عربی مخطوطات (مسلسل شمارۂ اندراج ۴۳۵ تا ۵۲۶) کے موضوعات حسب ذیل ہیں : تاریخ و تذکرہ ، شاعری ، ادبی نثر ، لغت نامہ و قواعد زبان ، قرآن و تفاسیر ، حدیث ، عقائد و دینی اخلاق ، فقہ ، فلسفہ و فلسفہ و منطق ، طب ، نجوم ، ہندسہ ، طبیعیات ، متفرق علوم پر کتب۔

آخر میں دونوں جلدوں میں مذکورہ کتب اور مصنفین کے ناموں کا اشاریہ ہے۔

حوالہ : نوشاہیہ ، گنج بخش۔

* حمید اللہ ہشینوی ، صاحبزادہ

۲۶ - ہندوستان میں مخطوطات مع دو ضمیمہ جات (اردو)

بلوچستان بکڈپو ، کوئٹہ ، ۱۳۹۵ھ/۱۹۷۵ء ، ۱۹۱ ص۔

ماہنامہ "معارف" اعظم گڑھ (بھارت) میں ہندوستان کے بعض کتب خانوں کے خاص اور اخص الخاص قلمی نسخوں کے بارے میں

مضامین چھپتے رہے ہیں - مرتب نے وہاں سے مندرجہ ذیل عنوانات کے ساتھ بھارتی کتب خانوں کے نادر مخطوطات کا تذکرہ کیا ہے :

۱ - سعیدیہ لائبریری ٹونک - (معارف - ستمبر ۱۹۶۵ء)

۲ - کتب خانہ عرفانیہ (ٹونک) کے نادر مخطوطات (معارف - مارچ و دسمبر ۱۹۶۸ء) -

۳ - دارالمصنفین اعظم گڑھ میں نوادرات (معارف - نومبر ۱۹۶۸ء)

۴ - ضمیمۂ اول (مشی گن یونیورسٹی امریکہ کے مخطوطات) -

۵ - ذخیرۂ ہادی بلگرامی کے چند مخطوطات (معارف - فروری ۱۹۶۵ء) -

۶ - ضمیمۂ دوم - لاہور کی نمائش مخطوطات - فروری ۱۹۷۴ء میں اسلامی سربراہی کانفرنس منعقدہ لاہور کے موقع پر عجائب گھر لاہور میں پاکستانی کتب خانوں سے لائے گئے مخطوطات نمائش کے لیے رکھے گئے تھے - یہ ضمیمہ ان مخطوطات کے بارے میں ہے -

مذکورہ بالا تمام مقالات میں عربی ، فارسی ، ترکی کتب کا تذکرہ ہوا ہے -

حوالہ : گنج بخش -

* خالدہ صدیق

۲۷ - تهیه نسخ خطی فارسی موجود در کتابخانه های لاهور (پاکستان) و نظر انتقادی بر پاره ای از نسخ مزبور (فارسی)

پایان نامه برای دریافت درجهٔ دکتری زبان و ادبیات فارسی از طرف دانشگاه ادبیات و علوم انسانی دانشگاه تهران ، سال تحصیلی ۱۳۴۷-۴۶ هجری شمسی ، براهنمائی دکتر حسن مینو چهر ۱۵۰ + ۸۲۱ ص - (ٹائپ شده مسوده) -

تہران یونیورسٹی سے فارسی زبان و ادب میں ڈاکٹریٹ کی سند کے حصول کے لیے ڈاکٹر حسن مینو چہر کی رہنمائی میں لکھا جانے والا

مقالہ (Thesis) ہے ۔ یہ مقالہ ۶۸-۱۹۶۷ء کے تعلیمی سال میں لکھا گیا ۔

لاہور کے سرکاری اور غیر سرکاری اور نجی کتب خانوں میں موجود فارسی کتب کے ۱۳۳۶ قلمی نسخوں کی وضاحتی اور تنقیدی فہرست ہے ۔ یہ فہرست کتابوں کے ناموں پر حروف تہجی کے مطابق مرتب کی گئی ہے اور اس میں لاہور کے مندرجہ ذیل کتب خانوں کے مخطوطات کو شامل کیا گیا ہے :

۱- پنجاب پبلک لائبریری - ۲- عجائب گھر - ۳- شاہی قلعہ - ۴- کرسچئن فورمین کالج - ۵- دیال سنگھ ٹرسٹ کالج - ۶- ڈاکٹر محمد باقر - ۷ - ڈاکٹر وحید قریشی - ۸ - فقیر سید مغیث الدین - ۹- مولوی شمس الدین -

اختتام پر مصنفوں ، کاتبوں اور کتابوں کے ناموں کا اشاریہ دیا گیا ہے -

حوالہ : گنج بخش

* خطیب رحمانی ، عبدالعزیز

۷۶-۱۹۷۵ء میں ادارۂ تحقیقات اسلامی ، اسلام آباد نے مؤلف مذکور کو مختلف ذاتی کتب خانوں کے مخطوطات کی دستی فہرست تیار کرنے پر مامور کیا ۔ انہوں نے مندرجہ ذیل کتب خانوں کی قلمی کتابوں کی فہرست لکھی جو ایک مجلد رجسٹر میں ادارۂ تحقیقات اسلامی کی لائبریری میں موجود ہے ۔ یہ فہرست غیر مطبوعہ ہے اور اس میں ہر مخطوطے کے بارے میں حسب ذیل معلومات بہم پہنچائی گئی ہیں ۔ کتاب کا نام ، مصنف ، زبان ، صفحات کی تعداد ، مقام کتابت، نام کاتب ، تقطیع ، سطورفی صفحہ ، خط کی قسم ، کیفیت ۔ فہرست بناتے وقت کسی خاص ترتیب کو ملحوظ نہیں رکھا گیا ۔

۲۸ - فہرست کتب موجودہ کتب خانہ حضرت سید مصری شاہ رضوی - نصر پور سندھ (اردو) ، ۱۵ ص -

عربی ، فارسی ، سندھی ، سرائیکی اور اردو زبان کے ۲۲۲ مخطوطات کی فہرست ہے -

۲۹ - فہرست کتب موجودہ کتب خانہ جامعہ الراشیدیہ پیر گوٹھ درگاہ شریف پیر پگاڑو خیر پور میرس سندھ (اردو) ، ۲۵ ص -

عربی ، فارسی - اردو اور سندھی کے ۳٦٦ مخطوطات کی فہرست ہے -

۳۰ - فہرست کتب موجودہ خانہ سعدیہ خانقاہ سراجیہ مجددیہ کندیاں شریف ضلع میانوالی (اردو) ، ۱۰ ص -

عربی ، فارسی ، اردو اور پنجابی کے ۱۵۰ مخطوطات کی فہرست ہے -

۳۱ - فہرست کتب موجودہ (کتب خانہ' خانقاہ مولینا محمد علی - مکھڈ شریف ضلع کیمبل پور (اردو) ، ۳۲+۳۲ ص -

عربی ، فارسی ، پنجابی اور سرائیکی کے ۶۳۱+۳۸۰ مخطوطات کی فہرست ہے -

۳۲ - فہرست کتب موجودہ خانقاہ تونسہ شریف ضلع ڈیرہ غازی خان (اردو) ، ۲۸ ص -

ترکی ، سرائیکی ، عربی ، فارسی اور اردو کے ۱۲۳ مخطوطات کی فہرست ہے -

۳۳ - فہرست کتب موجودہ کتب خانہ قاضی محمد عبداللہ - مالسہرہ ضلع ہری پور ہزارہ (اردو) ، ۲ ص -

عربی ، فارسی اور اردو کے ۲۰ مخطوطات کی فہرست ہے -

۳۴ - فہرست کتب موجودہ کتب خانہ کاظمیہ - ٹھنگر مظفر آباد آزاد کشمیر (اردو) ، ۱ ص -

فارسی اور اردو کے ۱۱ مخطوطات کی فہرست ہے -

* ڈائریکٹریٹ آف آرکائیوز اینڈ لائبریریز ، وزارت تعلیم - حکومت پاکستان -

Directorate of Archives and Libraries, Ministry of Education Government of Pakistan.

۳۵ - National Archieves of Pakistan, Holdings of National Archieves (Microfilms of Manuscripts), (1969), pp. 38.

سائیکلو سٹائل نسخہ -

مرکز قومی دستاویزات حکومت پاکستان میں موجودہ عربی ، فارسی ، اردو ، پشتو ، بنگالی ، ہندی و سندھی مخطوطات کی ۳۴۳ مائیکرو فلموں کی مجمل فہرست ہے - اس فہرست میں یہ تصریح نہیں کی گئی کہ اصل نسخے کن کتب خانوں میں موجود ہیں -

حوالہ : گنج بخش

* رانجھا ، محمد نذیر

کتاب دوست شمارہ ۱

دیکھیے : نیشنل ہجرہ کونسل

* رشید احمد

۳۶ - تعارف قرآن حکیم یعنی قرآن حکیم کے نادر قلمی اور مطبوعہ نسخوں کی نمایش منعقدہ عجائب گھر لاہور از ۲۶ رمضان المبارک تا ۱۵ شوال المکرم ۱۳۹۲ھ (نومبر ۱۹۷۲ء) کا مفصل تذکرہ (اردو)

انگریزی عنوان :

Taaruf—i Quran—i Hakeem being a Report on the Exhibi-

tion of Manuscripts and Rare Copies of the Holy Quran held at Lahore Museum (November, 1972).

عجائب گھر ، لاہور ، سلسلہ مطبوعات ۱۱ ، ۱۹۷۳ء ، ۱۶ + ۱۶۸ ص -

مندرجہ ذیل ابواب پر مشتمل ہے -

۱ - مباد یات (قرآن) -

۲ - قرآنی معلومات -

۳ - فنی نکات (اعراب قرآن) -

۴ - نمایش کی تفصیلات - نمایش میں پیش کیے جانے والے نسخوں کا تفصیلی جائزہ -

۵ - منظومات (قرآن کے بارے میں) -

ابتدا میں نادر نسخوں کی تصاویر شامل کی گئی ہیں - کتاب کے ساتھ کوئی اشاریہ ملحق نہیں ہے -

حوالہ: گنج بخش -

* رشید احمد

۳۷ - ثقافتی نمایش منعقدہ عجائب گھر لاہور (اکتوبر ۱۹۷۱ء) کا مختصر جائزہ جشن دو ہزار پانصد سالہ شاہنشاہی

انگریزی عنوان :

Descriptive Catalogue of Exhibits in the Cultural Exibition held at the Lahore Museum (October. 1971) in connection with the celebration of 2500th Anniversary of the Iranian Monarchy.

عجائب گھر ، لاہور ، سلسلہ مطبوعات ۵ ، ۱۹۷۲ء ، ۴+۶۰+۴+iii ص -

ایرانی شہنشاہیت کے قیام کے ڈھائی ہزار سالہ جشن کے موقع پر اکتوبر ۱۹۷۱ء میں عربی اور فارسی مخطوطات ، مطبوعات ، خطاطی کے نمونوں اور تصویروں کی ایک نمایش منعقد ہوئی یہ کتابچہ اسی

نمایش کی رپورٹ پر مبنی ہے ۔ مخطوطات مندرجہ ذیل کتب خانوں سے مستعار لیے گئے تھے : پنجاب یونیورسٹی لاہور ، مولوی محمد شفیع لاہور ، سردار کریم نواز لاہور ، عالمگیر شجاع لاہور ، عجائب گھر لاہور ، خواجہ عبدالرشید لاہور ، ملک شمس لاہور ، فقیر خانہ لاہور ، سید مرتضیٰ حسین لکھنوی صدرالافاضل لاہور ، حکیم محمد نبی خاں جمال سویدا لاہور ، آنسہ عقیلہ خانم خانیوال ، عبدالرحمن چغتائی لاہور ، نواب زادہ احسن علی خان آف گنج پورہ ۔ خانیوال ، محمد احمد لاہور ۔

اس رپورٹ میں عربی ، فارسی اور اردو کتابوں کے ۱۵٦ نسخوں کا مجمل تذکرہ ہوا ہے ۔

آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے ۔

حوالہ : گنج بخش

* رشید احمد

۳۸ ۔ فقیر سید جلال الدین وقف لاہور کے عجائب گھر لاہور کو عطا کردہ گراں قدر نوادرات کی مجمل فہرست (اردو)
انگریزی عنوان :

Catalogue of Antiques and Rare Articles Donated to Lahore Museum by Faqir Syyed Jalal ud Din Trust.

عجائب گھر ، لاہور ، سلسلہ مطبوعات ٦ ، ۱۹۷۲ء ، ۳۹ ص ۔

عربی ، فارسی اور ترکی کتابوں کے ۱۰ قلمی نسخوں ۔ خوشنویسی کے ۵ نمونوں ، ۳۴ فرامین ، ۲۷۰ تصویروں اور ۵۵ متفرق نوادر (لباس ، برتن ، اسلحہ) کی مجمل فہرست ہے ۔

حوالہ : گنج بخش

* رشید احمد

۳۹ ۔ مخطوطات و نادر مطبوعات (اردو)

جلد اول (مشتمل بر ذخیرۂ عجائب گھر)

عجائب گھر ، لاہور ، ۱۹۷۱ء ، ۵۴ ص -

عجائب گھر لاہور میں موجود ۳۹ نادر کتابوں کا مجمل تعارف ہے - ان میں عربی ، فارسی ، پشتو ، ترکی ، پنجابی ، سنسکرت ، بنگالی ، تبتی ، تھائی اور برمی زبان کے ۲۲ مخطوطات اور ۱۷ قدیم اور کمیاب مطبوعات شامل ہیں -

بعض نادر کتب کے صفحات کے عکس بھی شامل ہیں -

حوالہ : مشفق خواجہ -

* رشید احمد

۴۰ - مفصل فہرست مخطوطات ، جلد دوم ، مشتمل برذخیرۂ مولانا حفظ الرحمان منہاس مرحوم - (اردو)

عجائب گھر ، لاہور ، سلسلۂ مطبوعات ۲ ، ۱۹۷۱ء ، ۳ + ۵۲ ص -

مولانا حفظ الرحمان منہاس (م ۳۰ دسمبر ۱۹۶۹ء) کی طرف سے عجائب گھر لاہور کو تحفۃً ملنے والے ۱۰۴ مخطوطات کی فہرست ہے - کتب کا اندراج اُن کی زبان کی ترتیب سے ہوا ہے -

قرآن مجید	۴	نسخے
قرآن مجید مع فارسی تفاسیر	۲	,,
اوراد	۱	,,
عربی کتب	۴	,,
فارسی کتب	۴۰	,,
اردو کتب	۸	,,
پنجابی کتب	۵	,,
سنسکرت ، ہندی ، گورمکھی	۳۱	,,

رسم الخط اور تبتی کتب -

حوالہ : گنج بخش -

* رشید احمد

۴۱ - مفصل فہرست مخطوطات (جلد سوم) مشتمل برفرامین ، دستاویزات ، مراسلات ، مکتوبات و متفرقات - (اردو) -

عجائب گھر ، لاہور ، ۱۹۷۲ ، ۱۴ + ۵۶ + ۹ ص -

عجائب گھر لاہور میں موجود مغل ، سکھ اور انگریز فرمانرواؤں کی طرف سے جاری کیے گئے فرامین ، دستاویزات ، مراسلوں اور خطوط کی مجمل فہرست ہے ۔ یہ تمام فرامین فارسی ، اردو اور انگریزی زبان میں صادر ہوئے تھے ۔

آخر میں بعض تحریروں کا عکس بھی چھاپا گیا ہے ۔

حوالہ : گنج بخش ۔

* رضوی ، سید جمیل احمد

۴۲ - ذخیرۂ شیرانی میں اردو مخطوطات - (اردو)

مقتدرہ قومی زبان ، اسلام آباد ، ۱۹۸۶ء ۳۸ ص -

حافظ محمود شیرانی کے ذخیرۂ مخطوطات مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لاہور کے اردو نسخوں کی دستی فہرست ہے ۔ اس ذخیرے میں اردو مخطوطات کی تعداد پانچ سو سے زائد ہے ان میں سے ۳۱۱ مخطوطات کا ذکر شمارۂ مثبت کی ترتیب کے مطابق کیا گیا ہے ۔

حوالہ : نوشاہیہ

* رضوی ، جمیل احمد

Handlist of Arabic Manuscripts in the Punjab University Library.

دیکھیے : کوکب ، عبدالنبی

* رضوی ، سرفراز علی

۴۳ - کتب نما - (اردو)

انجمن ترقی اردو کراچی کے کتب خانہ کی قلمی اور مطبوعہ

کتابوں کی فہرست ہے جو کتب خانے کے ملازمین اور رجوع کرنے والوں کے استفادہ کے لیے تیار کی گئی ہے اور چھ بڑے رجسٹروں پر مشتمل ہے -

پہلی جلد اسلامیات سے متعلق ہے - ۳۱۵ صفحات - ۲۵۲۵ کتب - شمارہ ۴ تا ۶۴ -

دوسری جلد ادبیات سے متعلق ہے - ۴۰۳ صفحات - ۵۵۶۷ کتب - شمارہ ۴ تا ۶۵ -

تیسری جلد تاریخ سے متعلق ہے - ۳۴۹ صفحات - ۲۹۳۲ کتب - شمارہ ۴ تا ۶۶ -

چوتھی جلد میں ان تمام موضوعات کی کتابیں درج ہیں جو جلد اول سے جلد سوم تک نہیں آ سکیں - ۱۰۵ صفحہ ، ۳۷۹۴ کتب - شمارہ ۴ تا ۶۷ -

پانچویں جلد فارسی کتب سے متعلق ہے - ۳۸۹ صفحات ، ۳۱۴۶ کتب - شمارہ ۴ تا ۶۸ -

چھٹی جلد عربی کتب سے متعلق ہے - ۲۱۷ صفحات ، ۱۰۳۷۵ کتب - شمارہ ۴ تا ۶۹ -

حوالہ : مخطوطات انجمن ۳ : ۶۰—۶۵

* رضوی ، سید سرفراز علی

۴۴ - مخطوطات انجمن ترقی اردو (فارسی - عربی) - (اردو)

انجمن ترقی اردو ، کراچی ، یاد بود جشن فرخندۂ تاجگذاری محمد رضا پہلوی آریا مہر شاہنشاہ ایران و علیا حضرت فرح پہلوی شہبانوی ایران آبا نماہ ۱۳۴۶ ش ، سلسلہ مطبوعات ۳۲۶ ، ۱۹۶۷ء ، ۱۳۲ + ۱۶ ص -

انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی کے ۹۵۷ فارسی اور ۸۸ عربی قلمی نسخوں کی دستی فہرست ہے - اب یہ مخطوطات قومی عجائب گھر، کراچی کی تحویل میں ہیں -

فارسی مخطوطات کے موضوعات اس ترتیب کے مطابق ہیں : معلومات عامہ ، لغات ، ضرب الامثال ، بیاض ، انتخابات ، فلسفہ ، اخلاقیات ، تعبیر خواب ، کتب مقدسہ ، قرأت ، متعلقات قرآن ، تفاسیر ، احادیث ، عقائد ، فقہ ، اسلامیات ، تصوف ، سیر و سوانح اولیا ، تذکرۃ الاولیا ، اوراد و اعمال ، فال نامے ، فضائل و مناقب ، ہندویات ، قانون ، تعلیمات ، درسیات ، قواعد ، تنقید ، عروض ، معانی و بیان ، ریاضیات نجوم ، طب ، صنعت و حرفت ، خطاطی ، مطبخ ، رمل ، نیرنجات ، جفر ، علم النفس ، علم الاعداد ، فنون جنگ ، موسیقی ، کلیات ، دواوین ، مثنویات ، منظومات قصائد ، تاریخی قطعات و فن تاریخ گوئی ، تذکرۃالشعرا ، تنقید ، ادب ، انشا ، جغرافیہ ، سوانح ، سفرنامہ ، تاریخ -

عربی مخطوطات کی موضوعی تقسیم اس طرح ہوئی ہے : معلومات عامہ ، فلسفہ ، منطق ، مناظرہ ، کتب مقدسہ ، قرأت ، تفاسیر ، احادیث ، فقہ ، فتاوی ، فرائض ، تصوف ، سیرت ، اوراد و اعمال ، قواعد ، معانی و بیان ، جبر و مقابلہ ، ہئیت ، طب ، منظومات ، نثری دب -

فہرست کی ابتدا میں خاص خاص مخطوطات کے بعض صفحات کی تصاویر ہیں اور آخر میں ابو سلمان شاہجہانپوری کا مرتبہ اشخاص کے ناموں کا اشاریہ ہے -

حوالہ : گنج بخش -

* رضوی ، سرفراز علی

مخطوطات انجمن ترقی اردو - جلد اول

دیکھیے : امروہوی ، افسر صدیقی

* زیدی ، سید احمد علی

زیر نگرانی ، ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان

۴۵ - سندھ میں اردو مخطوطات (اردو)

اندرونی عنوان :

فہرست : سندھ میں اردو مخطوطات

مرکزی اردو بورڈ ، لاہور ، ۱۹۶۹ء ، ۳۲۵ ص -

صوبہ سندھ (پاکستان) کے بعض سرکاری اور نجی کتب خانوں میں موجود اردو کتب کے ۸۶ قلمی نسخوں کی موضوعی وضاحتی فہرست ہے - موضوعات حسب ذیل ہیں - نظم : کلیات ، دواوین ، مجموعۂ کلام ، مثنویات ، مراثی ، قصائد مناجات ، اسلامیات ، متفرق -

نثر : اسلامیات ، ادبیات ، تاریخ ، علم ہئیت و نجوم ، طب و کیمیا موسیقی ، متفرقات -

جن کتب خانوں کے مخطوطات شامل کیے گئے ہیں ان کے نام یہ ہیں : ڈویژنل پبلک لائبریری خیر پور ، ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان حیدر آباد ، کتب خانہ ضلع خیر پور ، ڈاکٹر نبی بخش بلوچ حیدر آباد سندھی ادبی بورڈ حیدر آباد ، فاضل زیدی نواب شاہ ، ڈاکٹر رفیق ، عطا محمد حامی خیرپور ، کتب خانہ عوام ضلع خیربور ، مرزا قلیچ بیگ حیدر آباد ، جامعۂ سندھ جامشورو ، سید سخی احمد ہاشمی ، حسن کاظمی حیدر آباد ، مرزا اسد علی بیگ حیدر آباد ، شاہ ولی اللہ اکیڈمی حیدر آباد ، کتب خانۂ دارالعلوم ؟ کراچی -

آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے -

حوالہ : گنج بخش

* سحر بلوچ

سند جی دینی ادب جو کٹلاگ

دیکھیے : امداد حسین

* شہاب ، مسعود حسن (مدیر)

۳۶ - سہ ماہی "الزبیر" (اردو)

کتب خانہ نمبر (۱۱) ، اردو اکیڈمی بہاول پور ، ۱۹۶۷ء ۶۳۲ ص -

مندرجہ ذیل ابواب کے تحت متفرق مقالات ہیں ۔

۱ ۔ کتب خانے ۔ افادیت ۔ اہمیت اور تاریخ ۔ ۸ مقالے

۲ ۔ کتب خانے جو ہندوستان میں رہ گئے ۔ ۱۷ مقالے

۳ ۔ کتب خانے ۔ مملکت اسلامیہ پاکستان میں ۔ ۱۲ مقالے
به ترتیب ذیل :

پاکستان کا قومی کتب خانہ ۔ اشرف علی
سندھ کے دینی کتب خانے ۔ رحمت فرخ آبادی ۔
سکھر کے کتب خانے ۔ رحمت فرخ آبادی
اوچ شریف کے علمی نوادر ۔ مسعود حسن شہاب
کتب خانہ آزاد ۔ آغا محمد باقر
پنجاب پبلک لائبریری ۔ سید اسرار زیدی
دیال سنگھ لائبریری لاہور ۔ قادر حسن
کتب خانہ اسلامیہ کالج پشاور ۔ کے بی نسیم
سنٹرل لائبریری بہاول پور ۔ علی احمد رفعت
کراچی یونیورسٹی لائبریری ۔ محمد عثمان ۔
کراچی یونیورسٹی لائبریری میں چند قدیم اردو مطبوعات ۔
فضل اللہ فاروقی
ہسٹاریکل سوسائٹی لائبریری میں چند کمیاب مطبوعات ۔
فضل اللہ فاروقی

۴ ۔ مخطوطات کے ذخائر ۔ ۶ مقالے

خزائن مخطوطات کتب خانہ واں میانہ شریف ۔ محمد شفیع
کراچی کے دونجی کتب خانے (محمد ایوب قادری ۔ سید محمد
بیدری) ۔ ثناءالحق
کتب خانہ مظہرالعلوم کراچی کے مخطوطات ۔ مولانا
عبدالرشید نعمانی ۔
مخطوطات کا ایک نادر ذخیرہ (ذخیرۂ مولوی شمس الدین
مخزونہ قومی عجائب گھر، کراچی)۔ مولانا عبدالحلیم چشتی۔

فن خطاطی کا ایک نادر ذخیرہ (قومی عجائب گھر کراچی)
محمد ایوب قادری

ذخیرۂ خان بہادر مولوی ظفر حسن مرحوم -

۵ - ذوق کتب الدوزی - ۵ مقالے -

۶ - غیر ممالک کے چند کتب خانے - ۷ مقالے -

۷ - متفرقات - ۱۰ مقالے -

حوالہ : گنج بخش

* شہباز ملک ، ڈاکٹر (مدیر)

۷۴ - چھیماھی کھوج (پنجابی) ، ۸-۹ ، قلمی نسخہ نمبر
انگریزی عنوان :

Six monthly KHOJ Lahore, 8—9, Centenary Celebrations University of the Punjab, Manuscripts Nnmber.

شعبہ پنجابی ، پنجاب یونیورسٹی ، لاہور ، پنجاب یونیورسٹی دیاں سو سالہ تقریباں دے سلسلے وچ ، ۱۹۸۲ ، ۳۷۳ ص -

پنجاب یونیورسٹی لاہور کے قیام کے سو سالہ جشن کے موقع پر یونیورسٹی کے شعبۂ پنجابی کے ششماہی رسالہ ''کھوج'' کی جلد ۴ شمارہ ۲ ، مسلسل شمارہ ۸ بابت جنوری - جون ۱۹۸۲ء ، جلد ۵ شمارہ ۱ ، مسلسل شمارہ ۹ بابت جولائی - دسمبر ۱۹۸۲ء کا پاکستان میں پنجابی مخطوطات کے بارے میں خاص شمارہ ہے -

اس شمارے میں بارہ علیحدہ علیحدہ مقالات کے حوالے سے پاکستان کے مختلف سرکاری ، غیر سرکاری اور نجی کتب خانوں میں پنجابی زبان کے ۱۷۹۵ نسخوں کا مجمل تعارف ، کتابوں کے نام کی الفبائی ترتیب کے مطابق درج ہوا ہے - مقالوں کے ترجمہ شدہ عنوانات اور مقالہ نویسوں کے نام حسب ذیل ہیں -

۱ - پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں پنجابی قلمی نسخے - سید جمیل احمد رضوی -

۲ - کتابخانہ ، گنج بخش راولپنڈی میں پنجابی مخطوطات ۔
سید عارف نوشاہی ۔

۳ - کتب خانہ القرشیہ گجرات کے پنجابی قلمی نسخے ۔ ڈاکٹر
احمد حسین قریشی قلعہ داری ۔

۴ - کتب خانہ نوشاہیہ ساہن پال ، گجرات کے پنجابی مخطوطات
سید عارف نوشاہی ۔

۵ - ارشد میر ، لاہور کے ذاتی کتب خانے کے پنجابی قلمی نسخے ۔
ارشد میر ۔

۶ - کتاب خانہ اقبال صلاح الدین اوکاڑا کا پنجابی سرمایہ ۔
محمد اسلم رانا ۔

۷ - کتب خانہ ڈاکٹر وحید قریشی ، لاہور کے پنجابی مخطوطات ۔
حفیظ تائب ۔

۸ - عجائب گھر لاہور کے پنجابی مخطوطات ۔ انجم رحمانی ۔

۹ - کتاب خانہ یمینی ، قاضی فضل حق ، یعقوب انور اور
سبط الحسن ضیغم لاہور کے پنجابی قلمی نسخے ۔ ڈاکٹر
آغا یمین ۔

۱۰ - سردار دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری لاہور کے پنجابی قلمی
نسخے ۔ خالد ہمایوں ۔

۱۱ - کتب خانہ عظیم بھٹی شہینہ خرد ضلع اٹک کے پنجابی
قلمی نسخے ۔ محمد عظیم بھٹی ۔

۱۲ - متفرق کتب خانوں میں پنجابی قلمی نسخے ۔ ڈاکٹر شہباز ملک ۔

آخر میں کتابوں ۔ مصنفوں ، موضوعات اور بخط مصنف کتابوں
کے ناموں کا اشاریہ ہے ۔

پنجابی مخطوطات کے بارے میں پاکستان میں یہی اولین مستقل
فہرست ہے ۔

حوالہ : گنج بخش

* شیرانی : پروفیسر حافظ محمود

Shirani, Prof. Hifiz Mahmud.

۴۸ - **Shirani Collection.**

With notes from Khurshid Ahmad.

Arabic and Persian Research Institute, Rajasthan, Tonk (India). after 1980—81, pp. iv+44.

ذخیرۂ شیرانی مخزونہ پنجاب یونیورسٹی لاہور کے بارے میں خود صاحب ذخیرہ کی وہ یادداشت ہے جو انھوں نے اپنا ذخیرہ یونیورسٹی کی تحویل میں دیتے وقت تیار کی تھی -

اس ذخیرہ کے فارسی مخطوطات کی دستی فہرست کے لیے ملاحظہ ہو : بشیر حسین : فہرست مخطوطات شیرانی -

حوالہ : گنج بخش

* صابری ، نذر (غلام محمد)

۴۹ - مختصر فہرست مخطوطات فارسی کتب خانہ مولانا محمد علی مکھڈی (اردو)

مجلس نوادرات علمیہ اٹک ، کیمبل پور ، ۱۳۹۳ھ/۱۹۷۳ء ، ۱۶ ص -

مولانا محمد علی (م ۱۲۵۳ھ/۱۸۳۷ء) کے ذاتی کتب خانہ واقع موضع مکھڈ ضلع اٹک میں ۲۳۴ فارسی قلمی نسخوں کی حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق دستی فہرست ہے -

آخر میں مصنفوں کے ناموں کا اشاریہ ہے -

حوالہ : گنج بخش

* صابری ، نذر

۵۰ - نوادرات علمیہ اٹک (اردو)

مجلس نوادرات علمیہ اٹک ، کیمبل پور ، (۱۹۶۳ء) ۸+۴۰ ص -

۲۲ نومبر ۱۹۶۳ء کو مجلس نوادرات علمیہ اٹک کے زیر اہتمام

اٹک میں مخطوطات کی نمائش منعقد ہوئی تھی - اس نمائش میں رکھے گئے عربی ، فارسی اور پنجابی زبانوں کے ۱۱۱ قلمی نسخوں کی بلاترتیب قدرے وضاحتی فہرست ہے -

آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے -

حوالہ : گنج بخش

Siddiki Ahmad * صدیقی ، احمد

۵۱ - **Catalogue of Arabic, Persian and Urdu Mss. Presented to Dacca University Library.**

Commemoration of the first visit to the University of H. E. Lord Irwin of Kirby Underdale, Viceroy and Governor General of Dacca, 1929, p.p. VI + 24.

یہ فہرست ہندوستان کے گورنر جنرل اور وائسرائے لارڈ اروں کے (۱۹۲۹ء میں) ڈھاکہ یونیورسٹی کے پہلے دورے کے موقع پر شائع ہوئی -

ڈھاکہ یونیورسٹی لائبریری کو پیش کیے جانے والے عربی ، فارسی ور اردو قلمی نسخوں کی فہرست ہے -

یہ فہرست میری نظر سے نہیں گذری - اس کی اطلاع محترمہ نسیم فاطمہ نے کراچی یونیورسٹی سے دی ہے -

* صدیقی ، مولانا ماجد الرحمان

فہرست مخطوطات (عربی و فارسی) مرکز تحقیق دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری - جلد ۱ و ۲ -

دیکھیے : ہاشمی ، مولانا سید محمد متین

* صدیقی ، سرور احمد

فہرست نوادرات (مائیکرو فلم) کتب خانہ جامعہ کراچی -

دیکھیے : جلال الدین حیدر

* صدیقی ، غلام حسین

۵۲ - گزارش سفر ہند (فارسی)

دانشگاہ طہران ، طہران ، ۱۳۲۶ ہجری شمسی (۱۳۶۶ ہجری قمری) ، ۵۵ ص -

(ایرانی) مصنف نے اپنے سفر ہندوستان ، پاکستان ، افغانستان میں بعض کتب خانوں میں عربی اور فارسی کتابوں کے جو اہم مخطوطات دیکھے تھے آن کی مختصر فہرست ہے - کتب خانوں کے نام یہ ہیں -

بھارت : رضا لائبریری رام پور ، ٹیگور ہال لکھنؤ یونیورسٹی لکھنو ، کتب خانہ مولانا حامد حسین -

پاکستان : کتب خانۂ مولوی محمد شفیع لاہور ، پنجاب یونیورسٹی لاہور ، دارالعلوم اسلامیہ پشاور -

افغانستان : کتب خانہ دولتی کابل ، ہرات میوزیم -

حوالہ : جامعہ کراچی

Siddiqui, Hidayat Ullah — * صدیقی ، ہدایت اللہ

۵۳ - Catalogue of Selected Persian Poetical Works (Manuscripts) in the National Museum of Karachi.

Issued on the occasion of the special exhibition held to celebration the caronation of their Imperial Majesties The Shahanshah Aryamehr and The Shahbanu of Iran, 20th October 1967, p.p. ix + 101 (سائیکلوسٹائل نسخہ)

قومی عجائب گھر کراچی میں فارسی دواوین ، کلیات اور مثنویات کے ۱۸۲ نسخوں کی وضاحتی فہرست ہے - دواوین کے ۱۳۹ نسخے ، کلیات کے ۲۸ نسخے اور مثنویات کے ۱۵ نسخے متعارف ہوئے ہیں -

حوالہ : میوزیم - نوشاہیہ

Siddiqui, Hidayat Ullah * صدیقی ، ہدایت اللہ

۵۳ - **Quran Manuscripts, A Catalogue : National Museum of Pakistan, Karachi.**

Department of Archaeology, Ministry of Cultural, Sports and Tourism, Government of Pakistan, 1982, p.p. xxiii + 111 + 24.

۱۹۸۲ء میں قومی عجائب گھر ، کراچی میں پاکستان کے مختلف علمی اداروں اور نجی کتب خانوں سے لائے گئے قرآن مجید کے قلمی نسخوں کی نمائش ہوئی - جن اداروں اور افراد نے شرکت کی ان کے نام یہ ہیں : قرآن محل دارالاحسان فیصل آباد ، پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور ، پنجاب پبلک لائبریری لاہور ، سندھ پروانشنل لائبریری لاہور ، انسٹی ٹیوٹ آف سندھیالوجی جام شورو ضلع دادو ، دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری لاہور ، ہمدرد فاؤنڈیشن کراچی ، قومی عجائب گھر کراچی ، ابوبکر ابراہیم چندریگر کراچی ، بیگم گل شوکت علی خان کراچی ، جمشید علی خان لاہور ، ایم - ایچ عابدی کراچی ، بیگم نظام اشرف کراچی ، سلطان احمد کراچی ، ایس - ایم - مونس رضوی کراچی ، ڈاکٹر ایس - ایم محمد نجیب حسین کراچی -

اس نمائش میں رکھے گئے نسخوں میں سے ۳۰۵ منتخب مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے - ان میں قرآن مجید کے ۲۷۹ نسخے اور عربی و فارسی تفاسیر کے ۲۶ نسخے شامل ہیں - زیادہ تعداد قومی عجائب گھر کے نسخوں کی ہے -

آخر میں کاتبوں کے ناموں اور نسخوں کی تاریخ کتابت کی ترتیب کے مطابق اشاریہ ہے اور سیاہ و سفید تصویریں دی ہیں -

تمام کتاب چمکدار کاغذ پر رنگین حاشیے کے ساتھ نہایت اہتمام کے ساتھ شائع ہوئی ہے مگر صحت مطالب کا خیال کم ہی رکھا گیا ہے - مثلاً تفسیر سواطع الالہام کے مصنف کا نام ابوالفضل بن مبارک لکھا ہے (ص ۹۸) حالانکہ یہ ابوالفیض فیضی کی تصنیف ہے - مواہب علیہ کو جواہر التفسیر لتحفۃ الامیر کے نام سے پیش کیا گیا ہے (ص ۹۸)

اور شاہ عبدالعزیز دہلوی کو شاہ ولی اللہ دہلوی کی بجائے شاہ عبدالحق محدث دہلوی کا بیٹا بتایا گیا ہے (ص ۱۰۲) -

حوالہ : میوزیم نوشاہیہ

* صہبا لکھنوی (مدیر مجلہ)

۵۵ - برطانیہ کے کتب خانوں میں اردو مخطوطات (اردو)

مقالہ مشمولہ ماہنامہ افکار ، زیر ادارت صہبا لکھنوی ، خاص نمبر "برطانیہ میں اردو"۔ کراچی ، اپریل ۱۹۸۱ء ، شمارہ ۱۳۳ ، سال اشاعت ۳۷ -

مندرجہ ذیل مقالات مخطوطات سے متعلق ہیں -

۱- برٹش میوزیم - از مسعود حسین - ص ۳۵۳ - ۳۵۷ -

۲- مانچسٹر کے بعض مخطوطات - ص ۳۵۸ - ۳۶۰ -

۳- فہرست مخطوطات اردو انڈیا آفس لائبریری لندن - مرتبہ جے - ایف - بلوم ہارٹ ، تلخیص و ترجمہ سلیم الدین قریشی ، نظر ثانی افسر صدیقی امروہوی -

حوالہ : مشفق خواجہ

* محمد طفیل

۵۶ - فہرست مخطوطات کتب خانہ ادارہ تحقیقات اسلامی اسلام آباد (اردو)

مقالہ مشمولہ ماہنامہ "فکر و نظر" اسلام آباد -

ادارۂ تحقیقات اسلامی اسلام آباد کے عربی مخطوطات کی فہرست بلحاظ شمارۂ اندراج مخطوطات سولہ قسطوں میں شائع ہوئی ہے -

شمارہ	صفحات	مسلسل شمارۂ مخطوطہ
(۱)	(۲)	(۳)
مارچ ۱۹۷۰ء	۷۱۱-۷۱۳	۳۲-۳۳
مئی "	۸۶۶-۸۶۹	۳۴-۳۷

(١)		(٢)	(٣)
جون	,,	٩٥٢-٩٥١	٣٨
جولائی	,,	٧٦-٧٣	٣٩
اگست	,,	١٣٩-١٣٧	٣٠
ستمبر	,,	٢٣٧-٢٣٥	٣١
اکتوبر	,,	٣١٣-٣١١	٣٢
نومبر	,,	٣٩٢-٣٩٠	٣٣-٣٣
دسمبر	,,	٣٧٢-٣٦٩	٣٥
جنوری	١٩٧١ء	٥٥٠-٥٣٨	٣٦
فروری	,,	٦٣٥-٦٣٣	٣٧
مارچ	,,	٧١٠-٧٠٨	٣٧
اپریل	,,	٨٠٠-٧٩٧	٣٨-٣٧
جون	,,	٩٦٠-٩٥٩	٣٩
اگست	,,	١٥٧-١٥٣	٥٠
نومبر	,,	٣٩٧-٣٩٦	٥١

حوالہ : ادارۂ تحقیقات اسلامی -

* ظہور الدین احمد

٥٧ - فہرست مخطوطات جی معین الدین (اردو)

دستنویس نسخہ بخط مصنف کی فوٹو کاپی مخزونہ کتابخانۂ نوشاہیہ ساہن پال ضلع گجرات ، ١٠٣ ص -

مرحوم جی معین الدین، لاہور کے کتب خانہ میں موجود فارسی ، عربی اور دیگر زبانوں میں کتب کے مخطوطات کی بلحاظ موضوع فہرست ہے - بلحاظ زبان نسخوں کے موضوعات اور تعداد حسب ذیل ہے - فارسی : تفسیر ٣ نسخے ، حدیث ١ ، فقہ ٢٢ ، عقائد ٩ ، کلام ١ ، تصوف ٢٥ ، ملفوظات ٣ ، مکتوبات ٥ ، تذکرۂ اولیا ٣ ، شعر ٣٦ ، لغت ١٣ ، صرف و نحو ٢ ، بیان و معانی ٣ ، انشا ٧ ، طب ١٢ ، سیرت النبی و

انبیا ۱۰ ، تاریخ ۹ ، حکایات ۲ ، متفرق ۵ ، عربی : قرآن ۴ نسخے ، تفسیر ۸ ، حدیث ۱۱ ، اوراد ۱۰ ، سیرت ۳ ، فقہ ۳۵ ، وارثت ۳ ، عقائد ۹ ، تصوف ۱۲ ، ملفوظات ۱ ، تذکرہ ۱ ، اخلاق ۴ ، فلسفہ و کلام ۱۴ ، منطق ۸ ، الہیات و طبیعیات ۳ ، صرف و نحو ۲۲ ، بیان و معانی ۴ ، لغات ۵ ، طب ۷ ، حکایات ۳ ، شعر ۸ -

علاوہ ازیں ترکی کے پانچ ، پشتو کے دو ، پنجابی کے نو ، اردو کے دو اور ہندی کے پانچ مخطوطات کا بھی ذکر ہوا ہے -

اس فہرست میں مذکور فارسی مخطوطات سے متعلق حصے کا فارسی ترجمہ راقم السطور (عارف نوشاہی) نے کیا جو احمد منزوی کی مرتبہ ''فہرست مشترک نسخہ ھای خطی فارسی پاکستان'' کی مختلف جلدوں میں داخل ہے -

حوالہ : نوشاہیہ -

* عباسی ، امان اللہ

انسٹیٹیوٹ آف سندالاجی م موجود قلمی نسخن جو تشریحی کیٹلاگ -

دیکھیے : مائر سندھی ، محمد صدیق -

* عباسی ، منظور احسن

۵۸ - تفصیلی فہرست مخطوطات عربیہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور (اردو)

پنجاب پبلک لائبریری ، لاہور ، ۱۹۵۷ء ، ج + ۲۸۴ ص -

پنجاب پبلک لائبریری لاہور میں عربی کتابوں کے ۲۲۴ نسخوں کی وضاحتی فہرست ہے -

خود مصنف نے اپنی فہرست کی کسی ترتیب کا ذکر نہیں کیا مگر ہر یہ موضوع وار مرتب ہوئی ہے اور ترتیب حسب ذیل ہے : فلسفہ ،

نجوم ، جادو ، منطق ، تجوید ، تفسیر ، حدیث ، فقہ و اصول فقہ ، کلام و عقائد ، اوراد و ادعیہ ، تصوف ، اخلاق ، قواعد زبان ، ریاضی ، ہیئت ، طب ، ادب ، تاریخ ۔

اختتام پر کتابوں ، مصنفوں ، علما اور کاتبوں کے ناموں کے الگ الگ اشاریے ہیں ۔

حوالہ : گنج بخش ۔

۵۹ ۔ ضمیمہ (۱) تفصیلی فہرست مخطوطات عربیہ پنجاب پبلک لائبریری ، لاہور (اردو)

وہی ناشر ، ۱۹۶۲ء ، ۶۴ ص ۔

بظاہر یہ عربی کتابوں کے ۵۲ قلمی نسخوں کی وضاحتی فہرست ہے مگر اس میں کم از کم ۶ فارسی کتابیں بھی مخلوط ہو گئی ہیں ۔

مصنف نے اس ضمیمے میں کسی ترتیب کو ملحوظ نہیں رکھا ہے ۔ البتہ آخر میں کتابوں ، مصنفوں اور کاتبوں کے ناموں کا اشاریہ موجود ہے ۔

حوالہ : گنج بخش ۔

۶۰ ۔ تفصیلی فہرست مخطوطات فارسیہ پنجاب پبلک لائبریری ، لاہور (اردو)

پنجاب پبلک لائبریری ، لاہور ، ۱۹۶۳ء ، ج + ۸۵۹ ص ۔

فارسی (اور ترکی و پنجابی) کتب کے ۵۸۸ قلمی نسخوں کی وضاحتی فہرست ہے ۔

مصنف نے اپنی ترتیب کی تصریح نہیں کی ہے ۔ بظاہر مخطوطات کا اندراج موضوع وار ہوا ہے مگر اس میں باقاعدگی نہیں ہے ۔

آخر میں کتابوں ، مصنفوں اور کاتبوں کے ناموں پر مشتمل الگ الگ اشاریے ملحق ہیں ۔

حوالہ : گنج بخش ۔

٦١ - ضمیمہ (۱) تفصیلی فہرست مخطوطات فارسیہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور (اردو)

وہی ناشر ، ۱۹۶۶ء ، ۲۱۸ ص -

اس ضمیمہ میں مذکور تمام مخطوطات (بہ استثنائے چند) ڈاکٹر سید اظہار علی مرحوم کے فراہم کردہ ہیں -

یہ ۱۲۲ قلمی نسخوں کی وضاحتی فہرست ہے جو بظاہر موضوع وار مرتب ہوئی ہے مگر مصنف نے اس کی وضاحت نہیں کی -

اختتام پر اسمائے کتب ، مصنفین اور خطاطین کے تین اشارے موجود ہیں -

حوالہ : گنج بخش -

٦٢ - تفصیلی فہرست مخطوطات متفرقہ (اردو) - پنجابی ، ہندی ، کشمیری ، ترکی ، پشتو، پنجاب پبلک لائبریری ، لاہور (اردو)

وہی ناشر ، ۱۹۶۴ء ، ۱۰۶ ص -

مندرجہ ذیل زبانوں کے مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے :

اردو ۳۳ نسخے ، پنجابی ۹ نسخے ، ہندی ۳ نسخے ، ترکی ۴ نسخے ، پشتو ۳ نسخے ، کشمیری ۱ نسخہ -

آخر میں ہر زبان کی کتابوں کے عنوانات ، مصنفین اور کاتبوں کے ناموں کا الگ الگ اشاریہ ہے -

حوالہ : گنج بخش -

* عبداللہ ، سید محمد — **Abdullah S. M.**

٦٣ - A Descriptive Catalogue of Persian, Urdu & Arabic Manuscripts in the Punjab University Library.

۱/٦٣ - University of the Punjab, Lahore, Vol. I, Persian Manuscripts, Fasciculus-I, History. 1942. p.p. viii+130.

جامعہ پنجاب لاہور میں فارسی کتب تاریخ کے ۸۸۱ مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے ۔ مندرجہ ذیل موضوعات کو شامل کیا گیا ہے :
عام تاریخ ، انبیاء کی تاریخ ، حضرت رسول اکرم ، خلفا اور ائمہ دین کی تاریخ ، تاریخ ایران ، تاریخ ہند و تیموریان ہند ، ہند کی مقامی تاریخ ۔
آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے ۔
حوالہ : گنج بخش

۲/۶۳ - University of the Punjab, Lahore, Vol. I, Persian Manuscripts, Fasciculus-II. Persian Poetry, 1948, p.p. xix + 131 – 575.

اس حصے میں فارسی دواوین اور منظوم کتب کے ۷۱۱ مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے ۔

زیر نظر فہرست میں شمارہ اندراج ۱۸۹ تا ۶۰۹ کے تحت مذکور نسخوں کا تعلق جامعہ پنجاب کے مرکزی کتب خانے سے ہے اور شمارۂ ۶۱۰ تا ۸۹۹ کے تحت درج ہونے والے مخطوطات ذخیرۂ شیرانی سے متعلق ہیں ۔

آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے ۔

حوالہ : گنج بخش ۔

* عبداللہ ، سید محمد

۳۶ ۔ خزائن مخطوطات پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور ۔ (اُردو)
مقالہ مشمولہ اورئینٹل کالج میگزین ، یونیورسٹی اورئینٹل کالج لاہور ۔

پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور میں فارسی مخطوطات کی وضاحتی موضوعی فہرست حسب ذیل قسطوں میں شائع ہوئی ہے ۔

شمارہ		از صفحہ	موضوع	مسلسل شمارۂ اندراج فہرست
(۱)		(۲)	(۳)	(۴)
*مئی	۱۹۲۶ء	۵۵		
اگست	,,	۴۵	تاریخ	۸۰-۴۴
نومبر	,,	۶۵	,,	۸۳-۸۱

(۱)	(۲)	(۳)	(۴)
		تذکرہ	۲۲-۱
فروری ۱۹۲۷ء	۷۳	نظم	۲۲-۱
مئی ،،	۲۷	،،	۳۵-۲۳
نومبر ،،	۵۱	،،	۶۷-۳۶
فروری ۱۹۲۸ء	۱۲	،،	۸۵-۶۸
مئی ،،	۲۸	،،	۹۳-۸۵
نومبر ،،	۶۸	،،	۱۱۳-۹۳
اگست ۱۹۲۹ء	۱۶	،،	۱۲۹-۱۱۲
نومبر ۱۹۳۰ء	۱۳۶	،،	۱۶۵-۱۳۰
فروری ۱۹۳۱ء	۸۳	،،	۱۶۷-۱۶۶
		انشا	۲۰-۱
مئی ۱۹۳۱ء	۵۸	،،	۳۰-۲۱
اگست ،،	۶۸	،،	۶۲-۳۱
نومبر ،،	۵۷	،،	۷۳-۶۳
		لغات	۳-۱
فروری ۱۹۳۲ء	۶۷	،،	۳۰-۳
مئی ،،	۱۳۳	تصوف	۵۸-۱
اگست ،،	۳۸	،،	مسلسل شمارہ درج نہیں ہوا - البتہ ۲۵ مجلد نسخوں کی فہرست ہے -
نومبر ،،	۲۳	قصص و حکایات	۲۳-۱
فروری ۱۹۳۳ء	۳۳	اخلاق	۱۱-۱
*نومبر ،،	۸۹		
مئی ۱۹۳۴ء	۹۹	حساب، نجوم، رمل وغیرہ	۳۳-۱
فروری ۱۹۳۵ء	۷۵	تفسیر، حدیث	۲۲-۱
نومبر ،،	۷۰	فقہ و عقاید شیعہ	۳۹-۱
اگست ۱۹۳۶ء	۱۶	فقہ و عقاید اہلسنت	۷۹-۵۰

حوالہ : نشان زدہ * شماروں کے علاوہ باقی تمام شمارے ادارۂ تحقیقات اسلامی میں موجود ہیں ۔

* عبدالرحمان ، حافظ

زیر نگرانی : شیخ محمد ابراہیم

۶۵ ۔ فہرست مخطوطات کتب خانہ جامعہ کراچی ۔ (اُردو)

جامعہ کراچی ، کراچی ، ۱۳۹۴ھ/۱۹۷۵ء ، ۲ + ۲۱ ص ، سائیکلو سٹائل کاپی ۔

کراچی یونیورسٹی کراچی کے کتب خانے میں موجود عربی ، فارسی اور اردو مخطوطات کی موضوعی دستی فہرست ہے ۔ ہر زبان کے مخطوطات کی تعداد اور موضوعات حسب ذیل ہیں ۔

عربی : ۲۷ نسخے

منطق، قرآن ، حدیث ، فقہ، کلام و عقائد و مناجات ، صرف و نحو ، طبیعیات ، کیمیا ، تاریخ ۔

فارسی : ۱۴ نسخے ۔

منطق ، تفسیر ، فقہ ، صرف ، طب ، ادب ، سوانح ۔

اردو : ۲ نسخے

تاریخ ۔

حوالہ : نوشاہیہ

* عبدالرحیم ، مولوی

۶۶/۱ ۔ لباب المعارف العلمیہ دارالعلوم الاسلامیہ یعنی مکتبہ اشرقیہ دارالعلوم اسلامیہ پشاور کی فہرست کتب ۔ (اردو)

جلد اول : (اسلامیہ کالج پشاور) ، مطبع آگرہ اخبار ، آگرہ ، ۱۳۳۶ھ/۱۹۱۸ء ، ۳۵۲ ص ۔

اسلامیہ کالج پشاور میں موجود دو ہزار سے زائد عربی ، فارسی اور اُردو کی مطبوعہ اور خطی کتب کی مخلوط فہرست ہے ۔ ان کتابوں کے

۷۸۸ مصنفوں کے حالات بھی درج کیے گئے ہیں ۔ کتابوں کے موضوعات حسب ذیل ہیں : تفسیر حدیث ، فقہ و اصول ، فقہ و فرائض ، کلام ، تصوف ، قرأت ، ادب ، بیان ، نحو، لغت ، تاریخ ، طب ، منطق ، فلسفہ ، ہیئت ، منظومات ، فارسی نثر ، متفرق کتب ۔

آخر میں صرف اردو کتابوں اور تمام مصنفین کے ناموں کا اشاریہ ہے اور کتاب خانے میں داخل ہونے والی نئی کتب کے ناموں کی فہرست بطور ضمیمہ ملحق کی گئی ہے ۔

حوالہ : ادارۂ تحقیقات اسلامی ۔

۲/۶۶ ۔ لباب المعارف العلمیہ (فہرست مکتبہ علوم اشرقیہ اسلامیہ کالج صوبہ سرحد) ۔ (آردو)

جلد دوم ، وہی ناشر ، فیروز پرنٹنگ ورکس لاہور ، (۱۳۵۷ھ/ ۱۹۳۹ء) ، ۶۳۰ ص ۔

۱۳۳۶ھ/۱۹۱۸ء کے بعد اسلامیہ کالج پشاور کے کتب خانے میں داخل ہونے والی عربی ، فارسی اور آردو میں مطبوعہ اور خطی کتابوں کی مخلوط موضوعی فہرست ہے ۔ موضوعات حسب ذیل ہیں : مصاحف و تفسیر ، حدیث ، فقہ ، عقاید و کلام ، تصوف و تذکیر ، اخلاق ، اسلامیات ، سیرت النبی ، تاریخ اسلام ، عام تاریخ ، شخصی تذکرے ، سفر نامہ ، جغرافیہ و طبقات الارض ، معیشت ، سیاست ، منطق و فلسفہ ، ریاضی و ہندسہ، نجوم ، طبیعیات ، کیمیا ، علم الحیوانات ، طب ، مراجع، ادب پر ابتدائی کتابیں (لغت ، صرف و نحو ، عروض و قوافی) ، بلاغت ، شعرا کے تذکرے ، ادب (منثور و منظوم) ، ناول اور افسانہ ، متفرق کتب ۔

آخر میں کتاب خانے میں داخل ہونے والی نئی کتابوں کے ناموں کی لسٹ دی گئی ہے ۔ مصنفین اور کتب کے اسما کا علیحدہ اشاریہ بھی موجود ہے ۔

اس جلد میں زیادہ تر مطبوعہ کتابیں متعارف ہوئی ہیں ۔

حوالہ : ادارۂ تحقیقات اسلامی

* عبدالکریم ، منشی - احمد شریف

Abdul Karim, Munshi & Ahmad Sharif.

۶۷ - **A Descriptive Catalogue of Bengali Manuscripts in Munshi Abdul Karim's Collection.**

English edition with an introduction by Syed Sajjad Husain. Asiatic Society of Pakistan, Dacca, Publication No. 3, 1960, p.p. xxviii + 589 + xxx.

ذخیرۂ منشی عبدالکریم (م ۱۹۵۳ء) مخزونہ ڈھاکہ یونیورسٹی ، ڈھاکہ میں بنگالی کتابوں کے ۵۸۳ نسخوں کی وضاحتی فہرست ہے -

آخر میں دو اشاریے ہیں - ایک مسلمان مصنفوں کی کتابوں کا بہ ترتیب تاریخ تصنیف اور دوسرا عام اشخاص اور کتب کے ناموں کا مشترکہ اشاریہ -

حوالہ : گنج بخش -

* غروی ، دکتر سید مہدی

۶۸ - **فہرست نسخہ ھای خطی فارسی - بمبئی - کتابخانۂ موسسۂ کاما - گنجینۂ مانکجی - (فارسی)**

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، اسلام آباد ، سلسلۂ مطبوعات ۱۰۵ ، ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء ، ۱۶ + ۲۰۹ ص -

بمبئی میں کے - ایم - کاما اورئینٹل انسٹی ٹیوٹ (K. M. Cama Oriental Institute) کے مانک جی کلیکشن کے فارسی مخطوطات کی وضاحتی موضوعی فہرست ہے - موضوعات کی ترتیب حسب ذیل ہے : تفسیر ، ریاضی ، نجوم ، طبیعیات ، کیمیا ، طب ، دائرۃ المعارف ، منطق ، فلسفہ ، ملل و نحل ، عقاید ، عرفان ، اخلاق ، لغت ، قواعد زبان ، قصے ، انشا ، عروض ، نثری ادب ، دواوین ، منظومات ، جغرافیا ، سفر نامہ تاریخ ، تذکرہ ، سیر و انساب -

آخر میں کتب اور اشخاص کے ناموں کا الگ الگ اشاریہ ہے -

حوالہ : گنج بخش -

* غلام حسین ، حافظ

فہرست مخطوطات (عربی و فارسی) مرکز تحقیق دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری ۔ جلد ۳ ، ۴

دیکھیے : ہاشمی ، مولانا سید محمد متین

* غلام سرور ، ڈاکٹر — Ghulam Sarwar, Dr.

بیرونی عنوان :

۶۹ - **Manuscripts : Gilani Library Uch**

اردو عنوان : **مخطوطات گیلانی لائبریری اچ**

انگریزی عنوان :

A Descriptive Catalogue of the Oriental Manuscripts in the Durgah Library Uch Sharif Gilani Bahawalpur State.

Urdu Academy, Bahawalpur, (1959—1960), pp. xiv+219.

خانقاہ گیلانی ، اچ گیلانی ضلع بہاول پور میں موجود عربی اور فارسی کتابوں کے ۳۹۰ نسخوں کی موضوع وار وضاحتی فہرست ہے ۔ مندرجات کو دس بڑے موضوعات پر تقسیم کیا گیا ہے جو حسب ذیل ہیں :

۱ ۔ دینیات (قرآن مجید معریٰ و مترجم ، تفاسیر ، احادیث ، سنی عقائد ، شیعی عقائد ، ادعیہ) ۱۴۰ نسخے ۔

۲ ۔ تصوف (منثور کتابیں) ۲۱ نسخے ۔

۳ ۔ تاریخ (عمومی ، مذہبی ، ہند ، ایران) ۳۹ نسخے ۔

۴ ۔ تذکرہ (اولیا ، شعرا ، یادداشتیں اور سفر نامے) ۱۸ نسخے ۔

۵ ۔ علوم و فنون (طب ، حیوانیات ، شکار ، اسپ شناسی ، رمل ، فال ، علم الاعضاء ، نجوم ، ہندسہ ، جغرافیہ ، نباتات ، عسکری تربیت ، موسیقی ، طباخی ، خطاطی ، مصوری) ۲۷ نسخے ۔

۶ ۔ لسانیات (لغت نامہ ، قواعد زبان ، انشا) ۹ نسخے ۔

۷ - شاعری (دواوین و کلیات ، بیاضیں) ۷۶ نسخے -

۸ - قصے - ۸ نسخے -

۹ - متفرقات - ۱۲ نسخے -

۱۰ - مجموعہ ہائے رسائل - ۱۳ نسخے -

فہرست کے ساتھ کوئی اشاریہ نہیں ہے -

حوالہ : گنج بخش -

* فاروقی ندوی ، فضل اللہ

۷۰ - توضیحی فہرست مخطوطات کتب خانۂ ہمدرد - (اردو) جلد اول - طبی علوم -

ہمدرد فاؤنڈیشن کراچی ، ۱۹۸۱ء ، ۱۸۳ ص -

کتب خانہ ہمدرد کراچی میں عربی اور فارسی زبانوں میں ۲۰۵ طبی مخطوطات کی وضاحتی موضوعی فہرست ہے - یہ مخطوطات پانچ الگ الگ موضوعات پر تقسیم کیے گئے ہیں اور ہر موضوع میں ان کا الفبائی ترتیب کے مطابق اندراج ہوا ہے - موضوعات یہ ہیں : کلیات طب ، علم الادویہ و قرابادین ، امراض و معالجات ، مجموعات ، نامعلوم الاسم بیاض و کشکول -

آخر میں اسمائے مخطوطات و مصنفین کے علیحدہ علیحدہ اشاریے ہیں -

حوالہ : گنج بخش -

* قادری ، حکیم سید شمس اللہ

۷۱ - مخطوطات تاریخی (اردو)

واحد بک ڈپو ، کراچی ، ۱۹٦۷ء ، ۳۸ ص -

ہندوستانی کتب خانوں میں موجود تاریخ اور تذکرہ کے موضوع پر عربی اور فارسی کتابوں کے ۳۴ قلمی نسخوں کا تذکرہ ہے -

کتب خانوں کے نام یہ ہیں : کتب خانہ حبیب گنج (مولانا حبیب الرحمن خان شروانی) ، لٹن لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڑھ (مرحوم سر سید احمد خان کلیکشن ، نواب سبحان اللہ خان کلیکشن) ، مسلم ایجوکیشنل کانفرنس لائبریری علی گڑھ ، ملا فیروز لائبریری بمبئی ، ذخیرۂ آقائے داعی الاسلام سید محمد علی لاریجانی حیدر آباد دکن ۔

ہر کتب خانے کے مخطوطات کا الگ الگ ذکر ہوا ہے ۔

یہ کتاب اس سے پہلے بھارت میں شائع ہو چکی ہے ۔

حوالہ گنج بخش ۔

* قلعہ داری ، ڈاکٹر احمد حسین قریشی

کتاب دوست ، شمارہ ۲ ۔

دیکھیے : نیشنل ہجرہ کونسل ۔

Qammar Jahan * قمر جہاں

۷۲ - **Bibliography of Selected Rare Manuscripts in the National Museum of Pakistan Karachi.**

Thesis, (M. A. in Library Science), Karachi University, 1972, 67 pp.

کراچی یونیورسٹی ، کراچی سے ایم - اے (علم کتب خانہ) کی سند کے حصول کے لیے لکھا جانے والا مقالہ ہے - جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے یہ قومی عجائب گھر پاکستان ، کراچی کے منتخب نادر مخطوطات کی کتابیات ہے ۔

حوالہ : Bibliography of Theses p. 28.

* کمال الدین احمد

The Catalogue of Manuscripts on Islamic Medicines Preserved in the National Museum of Pakistan Burns Garden, Karachi.

دیکھیے : نظام الدین بیگ ۔

* کورکیس عواد

۷۳ - اقدم المخطوطات العربیۃ فی مکتبات العالم المکتوبۃ نئذ صدر الاسلام حتی سنۃ ۵۰۰ھ (= ۱۱۰۶ م). (عربی) -

وزارة الثقافۃ والاعلام الجمہوریۃ العراقیۃ ، بغداد ، سلسلۂ المعاجم والفہارس ۳۶ ، ۱۹۸۲ء ، ۲۳۵ ص -

دنیا بھر کے کتب خانوں میں موجود صدر اسلام سے لے کر ۵۰۰ھ/۱۱۰۶ء تک کتابت کیے جانے والے نادر عربی مخطوطات کی موضوعی فہرست ہے - اس میں پاکستان سے ایک اور بھارت سے دس مخطوطات کو شامل کیا گیا ہے - پاکستانی مخطوطہ قومی عجائب گھر کراچی سے متعلق ہے - یہ قرآن مجید کا ہرن کی کھال پر لکھا جانے والا وہ نسخہ ہے جو خط کوفی میں عہد عثمان بن عفان میں کتابت ہوا تھا -

حوالہ : نوشاہیہ

* کوکب، قاضی عبدالنبی

۷۴ - پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے نادر عربی مخطوطات کی فہرست مفصل (اردو)

جلد اول، پنجاب یونیورسٹی لاہور، الخزائن، فہرس نوادرالمخطوطات العربیہ ۱ ، ۱۹۷۵ء ، ۳۸+۳۷۳ ص -

جامعہ پنجاب ، لاہور میں عربی کتب کے ۸۱ قلمی نسخوں کی مشرح اور مفصل فہرست ہے - یہ کتب حسب ذیل پانچ علوم سے متعلق ہیں اور اسی ترتیب کے مطابق متعارف ہوئی ہیں -

علوم قرآنی - شمارہ اندراج ۱ تا ۱۴

اصول حدیث - شمارہ ۱۵ تا ۱۷

حدیث - شمارہ ۱۸ تا ۲۷

اصول فقہ - شمارہ ۲۸ تا ۳۷

فقہ - شمارہ ۳۸ تا ۸۱ (حنفی ۳۸ تا ۷۳ ، شافعی ۷۴ ، شیعی ۷۵ تا ۷۷ ، تقابلی مطالعہ ۷۸ تا ۷۹ ، علم الفرائض ۸۰ تا ۸۱) -

اس جلد کے آخر میں پانچ اشاریے ملحق ہیں ۔

۱ - مؤلفین ، کاتبین اور مذکور تمام اشخاص ۔

۲ - اسماء الکتب (کتب ، رسائل ۔ مقالات ، شروح ، حواشی ۔

۳ - مقامات ۔

۴ - فرق و قبائل ۔

۵ - مضامین و مباحث ۔

حوالہ : گنج بخش ۔

* کوکب ، عبدالنبی

Kaukab, Abdul Nabi

۷۵ - **Handlist of Arabic Manuscripts in the Punjab University Library.**

Revised by Syed Jamil Ahmad Rizvi. University of the Punjab, Lahore, Published on the occasion of centuary celebrations of the University of the Punjab, Lahore (1882—1982), 1982, X + 522 pp.

جامعہ پنجاب لاہور کے قیام کی سوسالہ تقریبات کے موقع پر شائع ہونے والی اس کتاب میں جامعہ مذکور میں ۱۱۲۳ عربی مخطوطات کی موضوعی دستی فہرست شامل کی گئی ہے ۔ موضوعات کی ترتیب حسب ذیل ہے :

قرآن : مصحف ، قرائت ، تجوید ، مختلف قرائتیں ، تفسیر ، نسخ و المنسوخ ، متفرق علوم قرآنی ۔

حدیث : اصول حدیث ، حدیث ، اربعین ، قدسی احادیث ، فرہنگ احادیث ، شیعی احادیث ۔

فقہ : اصول فقہ ، فقہ مذاہب اربعہ و شیعی ، تقابلی فقہ ، شافعی اور شیعی اصول فرائض ۔

کلام : سنی و شیعی کلام ، شیعہ سنی اختلاف ، اسلامی مسیحی اختلاف ۔ تصوف ، اخلاق ، مواعظ ، ادعیہ ۔

تذکرہ : سیرت النبی ، علی ابن ابیطالب ، ابوحنیفہ ، عبدالقادر جیلانی ، خلفائے اربعہ ، ائمہ اثناعشر ، حنبلی فقہا ، صوفیہ ۔

تاریخ : عام اور اسلامی ، اسلامی ، مغول ، ہندوستان اور عموسی ، برصغیر ۔

لغت ، گرائمر ، عروض ، شاعری ، ادبی نثر ، انشا ، انتخابات ، فلسفہ ، فلسفۂ تعلیم ، منطق ، محاورہ ، مناظرہ ، کیمیا ، نجوم ، ہئیت ، ریاضی ، طب ، طبیعی تاریخ ، اوزان و مقادیر ، دائرۃ المعارف ۔

آخر میں مصنفین اور کتابوں کے ناموں کے اشاریے ہیں ۔

حوالہ : جامعہ اسلامی ۔

* ماتر سندھی ، محمد صدیق

نگران : خدیجہ انصاری ، بشیر احمد میمن ، احمد خان کاتیار

۷۶ ۔ **انسٹیٹیوٹ آف سندالاجی ء جی لائبرری م موجود قلمی نسخی جی فہرست ۔** (سندھی)

انسٹی ٹیوٹ آف سندھالوجی ، سندھ یونیورسٹی جام شورو ، ۱۹۷۷ء ۳۰ ص ، سائیکلو سٹائل نسخہ ۔

انسٹی ٹیوٹ آف سندھالوجی سندھ یونیورسٹی جام شورو (حیدر آباد سندھ) میں سندھی اردو ، عربی ، فارسی اور انگریزی کتب کے ۸۸ مخطوطات کی بلحاظ موضوع دستی فہرست ہے ۔

حوالہ : جامعہ کراچی ۔

* ماتر سندھی محمد صدیق و مولانا قاری امان اللہ عباسی

نگران : مولانا غلام مصطفی قاسمی ، ڈاکٹر غلام علی الانا

۷۷ - انسٹیٹیوٹ آف سندالاجی م موجود قلمی نسخن جوتشریحی
کٹلاگ (سندھی) -

انسٹی ٹیوٹ آف سندھالوجی سندھ یونیورسٹی جام شورو ، سلسلۂ
اشاعت ۶۷ ، محرم ۱۴۰۱ھ/دسمبر ۱۹۸۰ء ، ۱۸ + ۲۸۲ ص -

سندھ یونیورسٹی جام شورو (حیدر آباد) سے وابستہ انسٹی ٹیوٹ آف
سندھالوجی میں موجود عربی ، فارسی ، سندھی کتابوں کے ۲۱۶
نسخوں کی وضاحتی فہرست ہے - بظاہر اسے موضوعی ترتیب کے مطابق
مرتب کیا گیا ہے اور موضوعات کی ترتیب حسب ذیل ہے : قرآن مجید ،
تفسیر ، حدیث ، فقہ ، عقائد اوراد و وظائف ، سیرت النبی ، انشا ، دیوان ،
منظومات ، تاریخ - آخر میں ایک ضمیمہ ہے جس میں طب کی کتابوں کا
تذکرہ ہوا ہے -

ابتدا میں کتابوں کے ناموں کی راہ نما فہرست موجود ہے -

حوالہ : مشفق خواجہ -

* مجمع البحوث الاسلامیہ

۷۸ - المعرض - Curio Room (عربی ، اردو ، انگریزی) -

مجمع البحوث الاسلامیہ ، اسلام آباد ،ب ت ، ۱۲ + ۲۷ ص -

ادارہ تحقیقات اسلامی ، اسلام آباد کی نمائش گاہ میں رکھے گئے
عربی ، ترکی ، فارسی اور اردو زبان کے ۲۷ مخطوطات کی فہرست ہے -

حوالہ : ادارہ تحقیقات اسلامی -

Masood Ahmad Khan * مسعود احمد خان

۷۹ - National Archives of Pakistan : Descriptive Catalogue of Manuscripts.

Department of Archives, Government of Pakistan, Islamabad, 1974, 70 pp.

مرکز قومی دستاویزات پاکستان ، اسلام آباد میں محفوظ فارسی

عربی ، اردو ، دکنی ، پشتو اور پنجابی کتابوں کے ۱۰۵ قلمی نسخوں کی مجمل فہرست ہے - موضوعی ترتیب کے مطابق مرتب ہونے والی اس فہرست کے موضوعات کی ترتیب حسب ذیل ہے : طب ، منطق ، تصوف ، قرآن و حدیث ، قواعد زبان و لغت نامہ ، ادب ، تاریخ ، متفرقات -

آخر میں کتابوں ، کاتبوں اور مصنفوں کے ناموں کا اشاریہ ہے اس کے بعد تاریخ کتابت کی زمانی ترتیب کے مطابق نسخوں کا انڈکس ہے -

حوالہ : گنج بخش -

* مشفق خواجہ

۸۰ - جائزہ مخطوطات اردو - (اردو)

جلد اول ، مرکزی اردو بورڈ ، لاہور ، سلسلہ مطبوعات ۱۶۴ ، ۱۹۷۹ء ، ۱۲۵۶ ص -

مصنف نے دیباچہ میں لکھا ہے کہ اس کتاب کا بنیادی موضوع وہ اردو مخطوطات ہیں جو پاکستان کے مختلف سرکاری ، غیر سرکاری اور ذاتی کتب خانوں میں بکھرے ہوئے ہیں - پاکستانی مخطوطوں کے علاوہ دنیا میں بعض دیگر نسخوں ، مطبوعہ نسخوں ، مصنف کے حالات اور مآخذ پر بھی خاص توجہ دی ہے - اس طرح یہ کام مخطوطات کی وضاحتی فہرست تک محدود نہیں رہا بلکہ ایک سوانحی اور کتابیاتی جائزے کی صورت اختیار کر گیا ہے -

اس جلد میں بارہ پاکستانی کتب خانوں میں محفوظ ۱۱۸ کتابوں کے ۲۰۰ نسخوں کے بارے میں مفصل اور مشروح معلومات دی گئی ہیں- فہرست موضوعی ہے اور حسب ذیل موضوعات پر مشتمل ہے : تجوید و قرأت ، تفسیر ، اوراد ، عقائد و کلام ، ردود ، فقہ ، سلوک و آداب ، ہندومت ، تاریخ ممالک وبلاد ، سیرت النبی ، تذکرۂ بزرگان دین ، تذکرۂ ائمہ ، تذکرۂ علما ، تذکرۂ ملوک ، روزنامچہ ، متفرقات ، دواوین و

کلیات ، مثنویات ، قصص و حکایات ، تذکرۂ شعرا ، شعری انتخابات اور بیاضیں ، قواعد و شروح ، ریاضی ، ہندسہ ، ہیئت ، موسیقی ، طب ، جنسیات -

کتب خانۂ سید سعید احمد بہاول پور اور کتب خانۂ ڈاکٹر وحید قریشی لاہور کے ایک ایک نسخہ کے سوا باقی تمام نسخوں کا تعلق کراچی کے مندرجہ ذیل کتب خانوں سے ہے : قومی عجائب گھر ، انجمن ترقی اردو ، ترقی اردو بورڈ ، محمد ایوب قادری ، ضمیر نیازی ، معین الدین عقیل ، فضل عظیم ، محمد زبیر ، یونس حسنی ، عبدالوہاب خان ، شفیق احمد فاروقی ، ناظم نقوی ، غالب تعداد قومی عجائب گھر اور انجمن ترقی اردو کے نسخوں کی ہے -

اس اہم فہرست کے ساتھ کوئی اشاریہ نہیں ہے -

حوالہ : مشفق خواجہ

* منزوی ، احمد

۸۱ - سعدی برمبنای نسخہ ہای خطی پاکستان (فارسی)

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، اسلام آباد ، سلسلۂ مطبوعات ۸۹ ، بہ مناسبت ہشتصدمین سالگرد تولد شیخ اجل سعدی شیرازی (م ۶۹۱ھ/۱۲۹۲ء) ، ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء ، ۱۴ + ۲۱۹ ص -

یہ فہرست شیخ سعدی شیرازی کے آٹھ سو سالہ جشن ولادت کے موقع پر شائع ہوئی ہے اور اس میں سعدی کی تصانیف اور ان کی شرحوں ، فرہنگوں ، ترجموں ، تضمینوں اور خلاصوں کے پاکستان میں ۱۱۶۴ قلمی نسخوں کی وضاحتی فہرست درج ہوئی ہے - یہ نسخے پاکستان کے ۲۲۶ کتب خانوں میں موجود ہیں -

آخر میں کتب ، اشخاص ، فہرست نگاروں (جن کی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر یہ کتاب تالیف کی گئی ہے) اور کتب خانوں کے ناموں کا اشاریہ ہے -

حوالہ : گنج بخش -

* منزوی ، احمد

۸۲ - فهرست مشترک نسخه های خطی فارسی پاکستان (فارسی)

انگریزی عنوان :

A Comprehensive Catalogue of Persian Manuscripts in Pakistan.

مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، اسلام آباد نے اپنے قیام (۱۹۷۱ء) کے بعد پاکستان میں موجود فارسی کتب کے مخطوطات کی ایک مشترک فہرست (Union Catalogue) تیار کرنے کا منصوبہ بنایا اور متعدد پاکستانیوں کو مختلف کتب خانوں میں فہرست نویسی پر مامور کیا - یہ کام اب بھی جاری ہے -

۱۹۷۶ء میں مذکورہ ادارے نے ایرانی کتاب شناس اور فہرست نگار استاد احمد منزوی کو اس منصوبے کا نگران مقرر کیا - انہوں نے ادارے کی طرف سے مامور اکیس فہرست نویسوں کی دستنویس فہرستوں اور تقریباً چالیس طبع شدہ پاکستانی فہرستوں کو اپنا مأخذ قرار دے کر اس جامع فہرست کی بنیاد رکھی - پہلی جلد کی اشاعت کے وقت اس فہرست میں تقریباً ۲۱۶ پاکستانی کتب خانوں کے قلمی نسخوں کی تفصیلات کا اندراج ہو چکا تھا - مصنف نے پہلے ہر کتاب (متن) کے مصنف اور مشمولات کے بارے میں معلومات درج کی ہیں ، اس کے بعد تاریخ کتابت کے اعتبار سے پاکستان میں موجود اس کتاب کے نسخوں کا ذکر کیا ہے -

کتاب شناسی اور نسخہ شناسی کے نقطۂ نظر سے مجموعی طور پر یہ ایک متوازن اور مفید فہرست ہے -

اس مبسوط فہرست کی اب تک شائع ہونے والی سات جلدوں کی تفصیل یہ ہے -

۱/۸۲ جلد اول : مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان ، اسلام آباد ، سلسلۂ مطبوعات ۹۸ ، ۱۴۰۳ھ / ۱۹۸۳ء ، ۳۲ + ۹۴۹ ص -

مشمولات کی ترتیب اس طرح ہے : کتب تفسیر ، تجوید ، دربارۂ قرآن ، فهرست مؤلفان علوم قرآنی ، ریاضی ، ستاره شناسی ، علوم غریبه ، فهرست مؤلفان ، علوم ریاضی و غریبه ، طبیعیات ، پزشکی (طب) ، کیمیا، چند دانشی ، فهرست مؤلفان ، علوم تجربی و چند دانشی ، فهرست نام کتاب های جلد یکم ، فهرست نام کسان جلد یکم -

اس جلد میں ۱۵۴۴ کتب کے ۳۵۱۳ نسخوں کے کوائف درج ہوئے ہیں -

حوالہ : گنج بخش -

۲/۸۲ جلد دوم : وہی ناشر ، سلسلۂ مطبوعات ۸۳ ، ۱۴۰۵ھ / ۱۹۸۴ء ، ۶ + ۹۲۰ تا ۱۲۰۶ ص -

اس جلد میں منطق ، حکمت و فلسفہ ، ملل و نحل اور کلام و عقائد پر ۵۷۳ کتب کے ۱۳۴۲ نسخوں کی توضیحی فہرست ہے -

حوالہ : گنج بخش -

۳/۸۲ جلد سوم : وہی ناشر ، سلسلۂ مطبوعات ۸۴ ، ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۴ء ، ۸ + ۱۲۰۷ تا ۲۱۳۲ ص -
